COLGATE-PALMOLIVE COMPANY

# ضابطۂ اخلاق



## اپنی اقدار کو زندہ رکھنا

خیال رکھنا • گلوبل ٹیم ورک • مسلسل اصلاح




اعلی ترین اخلاقی معیارات
کو برقرار رکھنا

# ہمارے چیئر مین، صدر اور
# CEO کی جانب سے ایک پیغام

اخلاق قیادت کبھی بھی اتنی اہم نہیں رہی ہے۔ خیال رکھنے، گلوبل ٹیم ورک اور مسلسل اصلاح کی ہماری اقدار کے علاوہ، راستبازی اور اعلی اخلاق معیارات کی ہماری کمپنی کی ساکھ قوت اور تقابلی برتری کا ایک ماخذ رہی ہے۔ ہماری ساکھ کولگیٹ کے افراد کے لیے، ہمارے صارفین اور گاہکوں کے لیے، ہمارے سرمایہ کاروں کے لیے اور ہمارے کاروباری شراکت داروں کے لیے نہایت اہمیت رکھتی ہے۔

قریب 30 سال پہلے اس کے آغاز کے وقت سے ہی، ہمارے ضابطۂ اخلاق نے ان متعینہ اصولوں کے ساتھ ہماری رہنمائی کی ہے جن سے کولگیٹ کی اقدار اور ان تشکیل شدہ معیارات کی عکاسی ہوتی ہے جو ہمارے اخلاق برتاؤ کی رہنمائی کرتے ہیں۔ ضابطہ کی مسلسل مناسبت کو یقینی بنانے کے لیے اس کا مسلسل جائزہ لیا جاتا ہے، اس کی تجدید کی جاتی ہے اور اسے دوبارہ جاری کیا جاتا ہے۔ دنیا بھر کے متعدد ممالک میں کام کر رہی ایک حقیقی عالمی کمپنی کی حیثیت سے، ہم سبھی کو یہ یقینی بنانا ضروری ہے کہ ہمارا برتاؤ اور ہمارے فیصلے ہمارے مثالی نمونوں اور اقدار کو ویسے ہی زندہ رکھیں جس طرح ہمارے ضابطہ میں بیان کیا گیا ہے۔

ہم میں سے ہر کوئی روزانہ ایسے فیصلے کرتا ہے جن کے ذاتی، مالی، معاشرتی یا اخلاق مضمرات ہو سکتے ہیں۔ کولگیٹ برادری کے ایک رکن کی حیثیت سے، ضروری ہے کہ آپ ہمارا ضابطہ پڑھیں، سمجھیں اور پوری طرح سے اس پر عمل کریں تاکہ یہ یقینی ہو جائے کہ راستبازی اور اعلی ترین اخلاق معیارات کے ساتھ کام کرنے کی اپنی ذاتی ذمہ داری سے رہنمائی پا کر ہم اپنے فیصلے کریں۔

کولگیٹ کے افراد سے اپنے افعال اور اقوال کے ذریعہ مستقل طور پر اخلاق برتاؤ کا مظاہرہ کرنے کی توقع کی جاتی ہے۔ اس میں ہمارے ضابطۂ اخلاق، نیز کولگیٹ کی دیگر پالیسیوں یا قابل اطلاق قوانین سے متصادم رویے کو چیلنج کرنے کے لیے "آواز اٹھانا" شامل ہے۔



کولگیٹ کے افراد کو ہمارے کاروباری نتائج پر زبردست فخر ہوتا ہے۔ نتائج اہمیت تو رکھتے ہیں، لیکن وہ نتائج حاصل کرنے کا ہمارا طریقہ بھی اتنی ہی اہمیت رکھتا ہے۔ ہماری مشترکہ اقدار اور آپ کی اخلاق قیادت کے تئیں، جو ہماری لگاتار کاروباری کامیابی کے لئے ناگزیر ہیں، آپ کی مسلسل عہد بستگی کا پیشگی شکریہ۔

ایان کک
چیئر مین، صدر اور چیف ایگزیکیٹو آفیسر

# اپنی اقدار کو زندہ رکھنا

خیال رکھنے، گلوبل ٹیم ورک اور مسلسل اصلاح کی کولگیٹ کی اپنی اقدار کو زندہ رکھ کر، ہم ایک ایسی ثقافت کی تخلیق کرتے ہیں جس میں لوگ عمومی اہداف کی سمت میں ساتھ مل کر، ٹیم کے بطور کام کرتے ہیں۔ کولگیٹ کی تین بنیادی اقدار ہمارے ذریعہ انجام پانے والے ہر کام کا جزو ہیں۔

## خیال رکھنا

کمپنی لوگوں: کولگیٹ کے افراد، گاہک، حصص برداروں، صارفین، سپلائرز اور کاروباری شراکت داروں کا خیال رکھتی ہے۔ کولگیٹ سبھی حالات میں ہمدردی، راستبازی، ایمانداری اور اعلی اخلاقی معیارات کے ساتھ کام کرنے، دوسروں کی بات وقار کے ساتھ سننے اور تفریقات کی قدر کرنے کی پابند عہد ہے۔ کمپنی عالمی ماحولیات کا تحفظ کرنے، کولگیٹ کے افراد جن معاشروں میں رہتے اور کام کرتے ہیں انہیں افزوں کرنے اور سبھی سرکاری قوانین و ضوابط کا پابند رہنے کے تئیں بھی عہد بستہ ہے۔

## گلوبل ٹیم ورک

کولگیٹ کے سبھی افراد عالمی ٹیم کا جزو ہیں، جو سبھی ممالک میں اور پوری دنیا میں ساتھ مل کر کام کرنے کی پابند عہد ہے۔ خیالات، ٹیکنالوجیز اور ہنرمندیوں کا اشتراک کر کے ہی کمپنی نفع بخش نمو حاصل کر اور اسے برقرار رکھ سکتی ہے۔

## مسلسل اصلاح

کولگیٹ کے افراد انفرادی طور پر بھی اور ٹیم کی حیثیت سے بھی اپنے ذریعہ انجام پانے والے ہر کام میں روزانہ بہتری لانے کے لئے پابند عہد ہیں۔ صارفین اور گاہکوں کی توقعات کو بہتر ڈھنگ سے سمجھ کر اور مصنوعات، خدمات اور کارروائیوں میں جدت لانے اور ان کی اصلاح کے لیے مسلسل طور پر کام کر کے کولگیٹ بہترین بن جائے گی۔ آج کی روز افزوں مقابلہ آراء منڈی میں، کولگیٹ کی اقدار فرد، ٹیم اور کمپنی کی کامیابی کی اساس ہیں۔ دوسروں کا احترام کر کے اور کولگیٹ کی اقدار کو زندہ رکھ کر ہی ہم نمایاں کاروباری نتائج کے حصول کی امید کر سکتے ہیں۔

# احترام کے ساتھ نظم کرنا

"احترام کے ساتھ نظم کرنا" وہ طریقہ ہے جس کے ذریعہ کولگیٹ کے افراد کمپنی کی اقدار کو رو بہ عمل رکھتے ہیں۔

احترام کے ساتھ نظم کر کے، ہم ایک ایسا ماحول تخلیق کرتے ہیں جس میں لوگ تجاویز پیش کرنے میں آزادی محسوس کرتے ہیں، نئے خیالات پیش کرتے ہیں اور تنظیم میں بہتری لانے کے لیے اپنا حصہ ڈالتے ہیں۔

احترام کے ساتھ نظم کرنے سے ایک ایسے ماحول کی تخلیق ہوتی ہے جس میں لوگ حقیقتاً ایک دوسرے کا خیال رکھتے ہیں اور اپنی پوری لیاقت تک پہنچنے کے لیے ساتھ مل کر اچھی طرح کام کرتے ہیں۔

احترام کے ساتھ نظم کرنے کے اصول یہ ہیں:

### مواصلت کریں

واضح طور پر اور آسان لفظوں میں خیالات کا اظہار کریں؛ دوسروں کی بات سنیں؛ ایک ایسا ماحول تخلیق کریں جس میں لوگوں کو اپنے خیالات کا اظہار کرنے میں اطمینان ہو؛ دوسروں کو اور ان سے معلومات کی بروقت اور مسلسل روانی کو فروغ دیں۔

### تاثرات پیش اور طلب کریں

تعمیری، مخصوص تاثرات پیش اور طلب کر کے، کولگیٹ کے سبھی افراد کو بڑھاوا دیں؛ رہنمائی فراہم کریں اور راہ پر گامزن رہنے میں لوگوں کی مدد کریں؛ مثبت تبدیلی کی تحریک دیں اور غیر معمولی کام کی ترغیب دیں۔

### انفرادی تعاون کی قدر کریں

دوسروں کے تعاون اور اچھے کام کی قدر اور قدر افزائی کریں؛ انفرادیت کا احترام کریں؛ فیصلے کرتے اور ترجیحات متعین کرتے وقت دوسروں کو شامل کریں۔ لوگوں کی انفرادی تفریقات کے مدنظر ان کی قدر کرنا ابھی اور آئندہ بھی کاروبار میں کامیابی حاصل کرنے اور اسے برقرار رکھنے کی کلید ہے۔

### ٹیم ورک کو فروغ دیں

عمومی اہداف کے تئیں عہد بستگی تخلیق کریں؛ تنازعہ کو ایک مثبت انداز میں حل کریں۔

### مثال قائم کریں

ایک اخلاق انداز میں کاروبار انجام دینے کے لیے، تناؤ کا نظم کرنے کے لیے، اور ایک خوشگوار اور متوازن کام کرنے کا ماحول تخلیق کرنے کے لیے مثبت مثال قائم کریں۔

# فہرست مشمولات


ضابطۂ اخلاق کے بارے میں

ایک دوسرے کے ساتھ ہمارا تعلق 9

- ہم کامیاب کاروباری تعلقات قائم رکھنے کی جدوجہد کرتے ہیں
- ہم کھلم کھلا اور ایماندارانہ مواصلات کو فروغ دیتے ہیں
- ہم کولگیٹ کے افراد کی اپنے عظیم ترین وسیلے کی حیثیت سے قدر کرتے ہیں

کمپنی کے ساتھ ہمارا تعلق 12

- ہم مفادات کے تصادم سے احتراز کرتے ہیں
- ہم کمپنی کے تجارتی رازوں اور خفیہ معلومات کا تحفظ کرتے ہیں
- ہم پریس اور میڈیا کی درخواست کی پالیسیوں کی پابندی کرتے ہیں
- ہم کھاتے اور ریکارڈ درستگی سے بنائے رکھتے ہیں
- ہم کولگیٹ کے اثاثوں کا تحفظ کرتے ہیں
- ہم اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وسائل اور سوشل میڈیا کا استعمال ذمہ دارانہ طور پر کرتے ہیں

بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ساتھ ہمارا تعلق 19

- ہمارے پاس ایک خود مختار، تجربہ کار اور ہمہ جہت بورڈ آف ڈائریکٹرز ہے
- ہم بورڈ کے ساتھ براہ راست اور کھلم کھلا مواصلات کو فروغ دیتے ہیں
- ہم عمدہ کارپوریٹ نگرانی کے پابند عہد ہیں

خارجی کاروباری اداروں کے ساتھ ہمارا تعلق 20

- ہم سپلائرز ، گاہکوں اور دیگر تیسرے فریقوں کے ساتھ اخلاقی انداز میں معاملات کرتے ہیں
- ہم نامناسب تحائف نہیں دیتے، نہ ہی قبول کرتے ہیں
- ہم دوسروں کے تجارتی رازوں اور خفیہ معلومات کا احترام کرتے ہیں

صارفین کے ساتھ ہمارا تعلق 22

- ہم اپنی مصنوعات کے لیے اعلی ترین معیارات طے کرتے ہیں
- ہم صارفین کے تئیں جوابدہ ہیں
- ہماری تشہیر ایماندارانہ اور درست ہوتی ہے

حکومت اور قانون کے ساتھ ہمارا تعلق 24

- ہم سبھی قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کرتے ہیں
- ہم مسابقت کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں
- ہم تمسکات کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں
- ہم رشوت مخالف قوانین کی تعمیل کرتے ہیں
- ہم بین الاقوامی تجارتی ضوابط کی تعمیل کرتے ہیں
- ہم ڈیٹا کی رازداری اور ڈیٹا کے تحفظ کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں
- ہم ریکارڈز سنبھالے رکھنے کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں
- ہم سیاسی تعاون نہیں کرتے ہیں

معاشرے کے ساتھ ہمارا تعلق 31

- ہم مقامی طور پر عطیات دینے اور رضاکارانہ خدمت کی انجام دہی میں شرکت کرتے ہیں
- ہم اپنے کاروبار پر اثر انداز ہونے والے امور پر حکومتوں کے ساتھ کام کرتے ہیں
- ہم استحصالی، غیر انسانی مزدوری کے طرز عمل کی مخالفت کرتے ہیں
- ہم عالمگیر انسانی حقوق کے تئیں اپنی عہد بستگی کا اظہار کرتے ہیں

ماحول کے ساتھ ہمارا تعلق 33

- ہم پائیداری اور سماجی ذمہ داری کے پابند عہد ہیں
- ہم کرّہ زمین کی نگہبانی اور تحفظ کرتے ہیں

حصص برداروں کے ساتھ ہمارا تعلق 34

- ہم حصص برداروں کی قدر کے تحفظ کے لیے اچھی کارپوریٹ نگرانی برقرار رکھتے ہیں
- ہم سرمایہ کار کا اعتماد بڑھانے کے لیے آڈٹ کا مستحکم پروگرام برقرار رکھتے ہیں
- ہم حصص برداروں کو کمپنی کی پیشرفت کے بارے میں باخبر رکھتے ہیں

تعمیل کی ہماری ذمہ داری 35

- مواصلات اور افشاء لازمی ہیں
- اگر آپ کو رہنمائی درکار ہے تو آپ کی اعانت کرنے کے لیے ہمارے پاس داخلی وسائل موجود ہیں
- ہم مناسب وسائل کے پاس تشاویش کی رپورٹ دینے کے لیے "آواز اٹھاتے" ہیں
- انضباطی کارروائیاں کی جا سکتی ہیں
- ضابطہ ہذا کولگیٹ کے سبھی افراد اور کمپنی کی سبھی سرگرمیوں پر لاگو ہوتا ہے

## ضابطۂ اخلاق کے بارے میں

ہمارا کولگیٹ کا ضابطۂ اخلاق یہ یقینی بنانے کے لیے ایک اہم وسیلے کے بطور کام کرتا ہے کہ ہمارے روزمرہ کے کاروباری معاملات راستبازی کے ساتھ انجام پاتے ہیں۔ ضابطہ ہذا واضح طور پر ہم سبھی کو بتاتا ہے کہ ہمارے کاروباری نتائج حاصل کرنے کا انداز کافی اہمیت رکھتا ہے۔ ضابطہ ہذا کولگیٹ کے سبھی افراد، بشمول ڈائریکٹرز، کمپنی کے افسران اور سبھی ملازمین اور اس کے ذیلی اداروں پر لاگو ہوتا ہے۔ وینڈرز اور سپلائرز بھی انہی تقاضوں کے مستوجب ہیں، کیونکہ کولگیٹ کے تیسرے فریق کے لیے ضابطۂ اخلاق کی تعیمل کولگیٹ کے ساتھ کاروبار انجام دینے کی ایک شرط ہے۔

ہر ملازم ضابطہ، عالمی کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط، کمپنی کی پالیسیوں اور سبھی قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کر کے راستبازی اور قیادت کا مظاہرہ کرنے کا ذمہ دار ہے۔ اپنے رواں کاروباری تعلقات اور فیصلہ سازی میں اخلاقیات اور راستبازی کو پوری طرح سے ضم کر کے، ہم اعلی ترین اخلاق معیارات کو فروغ دینے والی ثقافت کے تئیں عہد بستگی کا اظہار کرتے ہیں۔

اگر آپ کے ضابطہ ہذا یا کسی متعلقہ کولگیٹ کی پالیسی یا طریقہ کار کی تشریح یا تعمیل کے بارے میں کوئی سوالات یا تشاویش ہوں تو، آپ کو اپنے مینیجر، ہیومن ریسورسز، گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے اس صورتحال پر گفتگو کرنی چاہیے۔

یہ کولگیٹ کی پالیسی اور طرز عمل ہے کہ اعلی ترین اخلاق معیارات کو برقرار رکھا جائے، اور نامناسب یا غیر قانونی برتاؤ سے پاک ایک جائے کار تخلیق کی جائے، جس میں لوگوں کو انتقامی کارروائی کے خوف کے بغیر کمپنی کے ساتھ اپنی تشاویش کا اشتراک کرنے کی ترغیب ملے۔ نتیجتا، کولگیٹ میں، کمپنی کے ضابطۂ اخلاق، کمپنی کی پالیسی یا قابل اطلاق قانون کی مشتبہ خلاف ورزی کے بارے میں شکایت درج کروانے، اس کی اطلاع دینے، اس کی تفیش میں شرکت کرنے یا اس میں اعانت کرنے پر کسی ملازم، سابق ملازم، ایجنٹ یا تیسرے فریق کے خلاف کوئی مخالف کارروائی نہیں کی جائے گی، الّا یہ کہ عائد کردہ الزام یا فراہم کردہ معلومات کو ارداتاً جھوٹا پایا جائے یا وہ نیک نیتی پر مبنی نہ ہوں۔ زیادہ سے زیادہ ممکنہ حد تک، کولگیٹ سبھی شکایات کی رازداری کو برقرار رکھے گی۔ انتقامی کارروائی کے سبھی الزامات کی تفتیش کی جائے گی، اور مناسب ہونے پر، برخاستگی تک اور اس سمیت، انضباطی کارروائی کی جائے گی۔

ضابطہ ہذا آن لائن دستیاب ہے اور چالیس زبانوں میں اس کا ترجمہ کیا گیا ہے۔ کولگیٹ کے افراد سے ضابطہ کو پڑھنے، سمجھنے اور اس کی تعمیل کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ ہماری عہد بستگی کو جاگزیں کرنے کے لیے، کولگیٹ کے افراد ضابطے کی تربیت حاصل کرتے ہیں اور سالانہ بنیاد پر ان کی تصدیق کی جاتی ہے۔

اچھی قوت فیصلہ استعمال کر کے اور سوالات پیدا ہونے پر رہنمائی طلب کر کے ضابطہ کی تعمیل کو یقینی بنانا آسان تر ہے۔ اگر کسی مخصوص عمل کے بارے میں آپ کو یقین نہیں ہے تو، خود سے درج ذیل باتیں پوچھیں:

# اخلاق فیصلہ سازی سے متعلق سوالات

**سوال:**

کیا مجھے اسے کرنے کی اجازت ہے؟

**سوال:**

کیا میں ایک مثال قائم کر رہا ہوں؟

**سوال:**

کیا یہ عمل انجام دینا درست ہے؟

**سوال:**

کیا یہ عمل قانونی اور ہماری اقدار، ضابطہ ہذا، ہمارے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط اور دیگر پالیسیوں سے ہم آہنگ ہے؟

**سوال:**

کیا میرے لیے لائق احترام کسی فرد کو اس عمل کی اطلاع دینے پر مجھے فخر ہو گا؟

**سوال:**

کیا اس عمل سے ایک اخلاق کمپنی کے بطور کولگیٹ کی ساکھ میں مزید اضافہ ہو گا؟

**سوال:**

کیا میں اعلی ترین اخلاق معیارات کا مظاہرہ کر رہا ہوں؟

**جواب:**

**ہاں،** آگے بڑھیں۔

**نہیں،** براہ کرم گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے رجوع کریں۔



# ایک دوسرے کے ساتھ ہمارا تعلق

ایک دوسرے کے ساتھ ہمارے معاملات کی بنیاد باہمی اعتبار اور احترام پر ہونی چاہیے۔

### ہم کامیاب کاروباری تعلقات قائم رکھنے کی جدوجہد کرتے ہیں

کولگیٹ میں ہمیں اپنے لوگوں کی مستحکم ذاتی عہد بستگی پر اور اس عہد بستگی کے نتیج میں عمدہ حصولیابیوں پر فخر ہے۔ لیکن اس درجہ کی عہد بستگی صرف اعتماد، کھلم کھلا اور ایماندارانہ مواصلات اور احترام کی فضا میں ہی حاصل ہو سکتی ہے۔ آپ کے ہم عصروں، آپ کے ڈائریکٹ رپورٹس اور آپ کے سپروائزروں کے ساتھ آپ کے سبھی معاملات ایک شراکت کے بطور انجام پانے چاہئیں، جس میں اعلی ترین اخلاقی معیارات کو برقرار رکھنے کے لیے ہر فرد کا رویہ ایک غالب عہد بستگی کے تابع ہوتا ہے۔

جن کے ساتھ آپ کام کرتے ہیں ان کے ساتھ آپ کا تعلق ایک فاتح ٹیم کے رکن جیسا ہونا چاہیے۔ ہم آہنگی میں کام کرنے اور باہمی مقاصد کے ایک مجموعے پر مرتکز رہنے والے لوگ ہمارے کاروبار کی پس پردہ قوت محرکہ ہیں۔ اس تحریک انگیز ٹیم کا رشتہ کارگر ہونے کے لیے ہر فرد کو اپنی ذمہ داریاں لازماً پوری کرنی چاہئیں اور اس یقین کا احساس ہونا چاہیے کہ دوسرے بھی ایسا ہی کریں گے۔ اس کا مطلب ہے وہ کام انجام تک پہنچانے کے لیے، ہر سطح پر، دوسروں کو لازمی تعاون فراہم کرنا۔ کوئی بھی فرد یا کاروباری اکائی اپنی خود کی ترجیحات کو کمپنی کی ترجیحات پر مقدم نہیں رکھ سکتی ہے۔

جن کے ساتھ آپ کام کرتے ہیں ان کے ساتھ آپ کے رشتے سے اخلاقیات کا فروغ ہونا چاہیے اس طرح کہ نفاست، شفافیت اور راستبازی کی ایک مثال قائم کریں۔ بطور قائدین، ہم سب کارکردگی کے اعلی معیارات برقرار رکھنے اور اجتماعی کام، احترام اور اخلاق رویے کو فروغ دینے والا ماحول تخلیق کرنے کے لیے ذمہ دار ہیں۔

### ہم کھلم کھلا اور ایماندارانہ مواصلات کو فروغ دیتے ہیں

تخلیقی اور اختراعی فکر کی حوصلہ افزائی کریں، اور اگر آپ سپروائزر ہیں تو، ماتحتوں کے ساتھ افراد کے بطور سلوک کریں، انہیں اپنے کام انجام دینے کے لیے ضروری آزادی فراہم کریں۔ کارکردگی میں بہتری کے لیے تجاویز فراہم کریں۔

آپ کے سپروائزر کے ساتھ آپ کا رشتہ باہمی احترام اور اعتماد کا ہونا چاہیے۔ کمپنی کے ذریعہ آپ کی اکائی کے لیے طے کردہ اہداف کے حصول کے مشترکہ مقصد کے ساتھ آپ اور آپ کا سپروائزر ایک ٹیم ہیں۔

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ کے بیچ مواصلات کھلم کھلا اور ایماندارانہ ہو، آپ اپنے سپروائزر کے جتنے ہی ذمہ دار ہیں ۔ اپنی کوشش کی حد تک کثرت سے پیشقدمی کریں۔ مسائل کو حل کرنے میں جدت پسند بنیں۔ آپ کا باہمی تعاون اور تخلیقیت آپ کی اکائی اور کمپنی کے اہداف کے حصول کے لیے لازمی ہیں۔

### ہم کولگیٹ کے افراد کی اپنے عظیم ترین وسیلے کی حیثیت سے قدر کرتے ہیں

لوگوں کا خیال رکھنے کے تئیں کولگیٹ کی عہد بستگی کو انفرادی اور اجتماعی حصولیابی کو فروغ دینے اور ان کی صلہ افزائی کے لیے وضع کردہ متعدد پروگراموں کی معرفت جاگزیں کیا گیا ہے۔ آپ کو اپنی کوشش کی حد تک آگے بڑھنے اور کمپنی کی کامیابی کے لیے حصہ ڈالنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔ آخر میں، دنیا بھر میں پھیلے کولگیٹ کے بالیاقت اور ہنرمند افراد کی کوششیں ہی ہماری کمپنی کی کامیابی کو ممکن بناتی ہیں۔

کولگیٹ کے افراد اضافی معلومات کمپنی کی مساوی ملازمت کی پالیسی سے ourcolgate.com پر رجوع کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

- ہم کام کرنے کا ایک جامع ماحول برقرار رکھتے ہیں اور ہر پس منظر سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو اپنی ملازمت کی طرف راغب کر کے اور انہیں اس میں برقرار رکھ کر سربلندی حاصل کرتے ہیں۔

- ہم جائے کار میں یا کمپنی کا کام انجام دیتے وقت کسی بھی شخص کے ذریعہ کولگیٹ کے افراد کے تئیں جنسی یا کسی بھی قسم کی ایذا رسانی کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔
- ہم کمپنی کے ذریعہ اپنائی گئی پالیسیوں اور طریق کار کے مطابق جائے کار میں طرفداری یا طرفداری کے ظہور سے بچنے کی جدوجہد کرتے ہیں۔

کولگیٹ کے افراد اضافی معلومات کمپنی کی ایذا رسانی مخالف پالیسی سے ourcolgate.com پر رجوع کر کے حاصل کرسکتے ہیں۔

کولگیٹ سبھی اہل افراد کو ایک مساوی بنیاد پر ملازمت کے مواقع فراہم کرتی ہے۔ کمپنی کسی بھی ملازم یا ملازمت کے لیے درخواست دہندہ کے خلاف درج ذیل کی وجہ سے امتیازی سلوک نہیں برتے گی:

اس میں تقرری، معاوضے پر رکھنا، ترقی، ٹرانسفر، معاوضہ، تربیت، تنزلی یا برخاستگی شامل ہے، لیکن یہ انھی تک محدود نہیں ہے۔

- نسل یا نسلی پس منظر
- رنگ
- مذہب
- صنف یا صنفی شناخت
- قومی نژاد
- عمر
- جنسی رجحان
- معذوری
- ازدواجی حیثیت
- فوجی حیثیت
- قانون کے ذریعہ تحفظ یافتہ کوئی دیگر صفت

**سوال:**

میرا ماننا ہے کہ میرا سپروائزر ہماری ٹیم کے کچھ اراکین کے ساتھ غیر مہذب انداز کا برتاؤ کرتا ہے جو احترام کے ساتھ نظم کرنے کے ہمارے اصولوں سے ہم آہنگ نہیں ہے، لیکن مجھے یقینی طور پر معلوم نہیں ہے۔ کیا میں EthicsLine کی معرفت اس بارے میں کسی سے رجوع کر سکتا ہوں؟

**جواب:**

**ہاں،** آپ رجوع کر سکتے ہیں۔ لیکن، یاد رکھیں کہ جائے کار کے کسی مسئلے کے بارے میں تشویش زدہ ہونے پر، آپ اپنے مقامی ہیومن ریسورسز کے نمائندے یا اپنی قیادتی ٹیم کے کسی بھروسہ مند رکن سے بھی رجوع کر سکتے ہیں۔ اگر آپ پسند کریں تو، گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس بھی رہنمائی یا وضاحت طلب کرنے کے لیے آپ کے واسطے موجود ہے۔

**سوال:**

میرے محکمے کے ایک رکن نے ایک رفیق کار کے جنسی رجحان کے بارہا حوالے دیے ہیں اورحقارت آمیز نام استعمال کیے ہیں۔ جب میں نے اس بارے میں ان سے بات کی تو، ان کا جواب تھا کہ وہ صرف مذاق کر رہے تھے اور یہ رویہ جاری ہے۔ کیا میں نے درست کام کیا؟

**جواب:**

**ہاں۔** آپ نے آواز اٹھا کر درست کام کیا۔ تاہم، آپ کی بہترین کوششوں کے باوجود، ناگوار برتاؤ جاری ہے۔ کسی ایسے رویے کے بارے میں جس سے ہمارے ضابطے، پالیسیوں یا احترام کے ساتھ قیادت کرنے کے ہمارے اصولوں کی خلاف ورزی ہوتی ہو، اپنے سپروائزر، ہیومن ریسورسز، گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے بات کریں۔

- ہم بچہ مزدوری کا استعمال نہیں کرتے ہیں۔ بچہ مزدوری کی تعریف یوں بیان کی گئی ہے زیر بحث دائرۂ اختیار میں قانون کے ذریعہ مجاز اقل عمر سے چھوٹے شخص کو ملازمت پر رکھنا۔ تاہم، کسی بھی صورت میں ہم جانتے بوجھتے ہوئے سولہ (16) سال سے کم عمر کے کسی بھی فرد کو ملازمت پر نہیں رکھیں گے۔
- ہم جائے کار سے ممکنہ خطرات کا خاتمہ کرنے اور سبھی قابل اطلاق پیشہ ورانہ سلامتی و صحت کے قوانین اور معیارات کی تعمیل کرنے کی جدوجہد کرتے ہیں۔
- ہم کولگیٹ کے سبھی افراد اور دوسروں کے لیے کام کرنے کا ایک محفوظ، صحتمند اور بارآور ماحول برقرار رکھنے میں اس طرح مدد کرتے ہیں:
  - کمپنی کی املاک یا وقت میں غیر قانونی منشیات یا نشہ آور اسباب اپنے پاس رکھنے، استعمال کرنے، بیچنے یا منتقل کرنے کو ممنوع قرار دے کر؛
  - الکحل کے زیر اثر رہتے ہوئے کمپنی کا کاروبار انجام دینے کو ممنوع قرار دے کر؛
  - کمپنی کے احاطوں میں یا کولگیٹ کا کاروبار انجام دیتے وقت، مقامی قانون کے بموجب، ہتھیار/آتشیں اسلحے، دھماکہ خیز آلات یا گولہ بارود اپنے پاس رکھنے یا استعمال کرنے کو ممنوع قرار دے کر۔ سیکیورٹی اہلکار کے لیے ہتھیار رکھنے کی اجازت دی جا سکتی ہے اس صورت میں جب اسے اپنے پاس رکھنا کولگیٹ کے افراد کے تحفظ اور سیکیورٹی کو مامون بنانے کے لیے لازمی خیال کیا جائے؛
  - کسی ایسے فعل کو ممنوع قرار دے کر جس کو پُرتشدد، دھمکی آمیز، باعث تحقیر یا تخویف مانا جا سکتا ہو؛ اور
  - اس امر کا تقاضا کر کے کہ جائے کار میں منشیات یا الکحل کے بیجا استعمال، تشدد یا کمپنی کی املاک اور وقت میں غیر قانونی ہتھیار رکھنے کے کسی بھی واقعہ کی اطلاع فوری طور پر ہیومن ریسورسز، گلوبل سیکیورٹی، گلوبل لیگل آرگنائزیشن، گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس یا انتظامیہ کو دی جائے۔

**سوال:**

میرا ایک ساتھی کارکن ایک عمر رسیدہ شخص ہے لہذا میں ایسے کاموں میں جو میرے خیال میں اس عمر کے کسی شخص کے لیے مشکل ہو سکتے ہیں پوری سرگرمی کے ساتھ اس کی اعانت کر کے اس کے لیے کاموں کو آسان تر بنانے میں مدد کرنے کی کوشش کرتا ہوں۔ میں صرف مدد کرنے کی کوشش کر رہا ہوں لیکن حال ہی میں میں نے اپنے سپروائزر سے سنا ہے کہ وہ مجھ سے ناراض ہے۔ کیا یہ رویہ غلط ہے؟

**جواب:**

**ہاں۔** آپ کو یہ فرض نہیں کرنا چاہیے کہ آپ کے رفیق کار میں اس کی عمر کی وجہ سے ویسا ہنر اور صلاحیتیں نہیں ہیں جو آپ میں ہیں۔ کسی کی عمر کی وجہ سے اس کے ساتھ مختلف انداز کا برتاؤ کرنا جائے کار میں قابل قبول نہیں ہے۔ آواز اٹھائیں اور اسے بتائیں کہ اعانت کرنے کی آپ کی خواہش خیال رکھنے کے جذبے سے تھی اور آپ کا مطلب کسی جارحیت سے نہیں تھا۔




# کمپنی کے ساتھ ہمارا تعلق

کولگیٹ کے افراد کی حیثیت سے، ہم اپنے اوپر کیے جانے والے اعتبار اور اعتماد کو تسلیم کرتے ہیں اور تمام حالات میں راستبازی اور دیانتداری کے ساتھ کام کرتے ہیں۔

## ہم مفادات کے تصادم سے احتراز کرتے ہیں

قوت فیصلہ آپ کا انتہائی گرانقدر اثاثہ ہے۔ آپ کو کسی بھی ایسی سرگرمی، دلچسپی یا وابستگی سے احتراز کرنا چاہیے جو کمپنی کے جائز کاروباری مفادات سے متصادم ہو یا کمپنی کے لیے یا کمپنی کے ساتھ کاروبار انجام دینے میں آپ کی معروضیت اور آزادانہ قوت فیصلہ کے استعمال سے بظاہر سمجھوتہ معلوم ہو۔ تصادم بہت سارے حالات میں پیش آ سکتے ہیں۔ یہاں پر ان سبھی کا احاطہ کرنا ممکن نہیں ہے، اور مناسب و نامناسب سرگرمی کے بیچ تفریق کرپانا ہمیشہ آسان نہیں ہو گا۔ شبہہ ہونے پر، کوئی اقدام کرنے سے پہلے ہیومن ریسورسز، گلوبل لیگل آرگنائزیشن، گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس یا اپنے مینیجر سے رجوع کریں۔

درج ذیل رہنما خطوط تصادم کے انتہائی عمومی حالات پر لاگو ہوتے ہیں:

### سرمایہ کاریاں

کوئی بھی ایسی سرمایہ کاری نہ کریں جو آپ کے کاروباری فیصلے پر اثر انداز ہو سکتی ہو۔ کمپنی کی پالیسی کولگیٹ کے افراد کو کولگیٹ کے ساتھ مقابلہ آراء یا کاروبار کرنے والی کمپنی میں اسٹاک کی ملکیت رکھنے یا حق ملکیت والے مفاد کا حامل بننے کو ممنوع قرار دیتی ہے۔ یہ ممانعت عوامی طور پر زیر تجارت کمپنی کے اسٹاک کی معمولی تعداد (عام طور پر 1٪ سے کم) کی ملکیت رکھنے پر لاگو نہیں ہوتی ہے، بشرطیکہ وہ سرمایہ کاری مالی اعتبار سے اتنی بڑی قدر کی نہ ہو جس سے مفاد کے تصادم کا ظہور وجود میں آتا ہو۔ اگر آپ نے کولگیٹ میں شامل ہونے سے پہلے امکانی طور پر ممنوعہ سرمایہ کاری کی ہو تو، براہ کرم گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رابطہ کریں۔

### کنبہ

کولگیٹ کی جانب سے کسی بھی ایسی کمپنی کے ساتھ کاروبار کرنے سے پہلے جس میں آپ یا آپ کے قریبی کنبہ کے افراد کا مفاد ہو اپنے مینیجر کو مطلع کریں اور اپنے ڈویژن یا فنکشن کے سربراہ اور گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے منظوری حاصل کریں۔

### دیگر کام

کولگیٹ کے لیے کام کرتے ہوئے کولگیٹ کے حریف کے لیے کام نہ کریں یا تیسرے فریق (تقسیم کار، گاہک یا سپلائر) کے لیے کوئی ایسا کام نہ کریں یا ایسی اعانت فراہم نہ کریں جو کام کے تعلق سے آپ کی کارکردگی یا آپ کی قوت فیصلہ پر ناموافق طریقے سے اثر انداز ہو سکتی ہو۔ اپنے ڈویژن یا فنکشن کے سربراہ کی اجازت کے بغیر کولگیٹ میں اپنے کام سے تعلق نہ رکھنے والے خارجی کام کے لیے کمپنی کے وقت، سہولیات، وسائل، برانڈز یا لوگوز کا استعمال نہ کریں۔

### ذاتی

ہم جائے کار میں کولگیٹ کے افراد کا سابقہ جن لوگوں سے پڑتا ہے ان کے ساتھ آزادانہ طور پر وابستہ ہونے کے ان کے حقوق کو تسلیم اور ان کا احترام کرتے ہیں، مگر یہ یقینی بنانے کے لیے اچھی قوت فیصلہ کا استعمال کیا جانا چاہیے کہ یہ تعلقات کام کی کارکردگی، دوسروں کی نگرانی کرنے کی اہلیت یا کام کرنے کے ماحول پر منفی طور پر اثر انداز نہیں ہوتے ہیں۔

ملازمین کے بیچ رومانی تعلق یا دوستی سے پیدا شدہ جائے کار کا برتاؤ نامناسب ہو سکتا ہے اگر اس برتاؤ سے دوسروں کے لیے کام کرنے کا تکلیف دہ ماحول یا جانبدارانہ برتاؤ کا تصور پیدا ہوتا ہو۔ طرفداری یا کمپنی کے بہترین مفادات کی بجائے رومانی تعلقات یا دوستی کی بنیاد پر کاروباری فیصلے

کرنا ممنوع ہے۔ خود کو رومانی تعلق یا دوستی میں پانے والے افراد کو ہوشیاری، اچھی قوت فیصلہ اور حساسیت کا استعمال کرنا چاہیے۔

کوئی سپروائزر ایسے شخص کی نگرانی نہیں کر سکتا/سکتی ہے جس کے ساتھ وہ رومانوی انداز میں ملوث ہے۔ ایسی صورتحال میں، دونوں ملازمین کو صورتحال کی اطلاع ہیومن ریسورسز اور/یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس کو دینا ضروری ہے۔

اس حقیقت کے تئیں محتاط رہیں کہ آپ کے گھرانے کا کوئی دوسرا فرد ایسے عہدے پر برسر ملازمت ہو سکتا ہے جس سے مفاد کا تصادم پیدا ہو سکتا یا پیدا ہوتا معلوم پڑ سکتا ہے۔ اگر ایسی صورتحال پیدا ہوتی ہے تو، رہنمائی کے لیے اپنے مینیجر، ہیومن ریسورسز یا گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رجوع کریں۔

### بورڈز

کسی خارجی کاروبار یا سرکاری ایجنسی کے لیے بورڈ آف ڈائریکٹرز یا اسی طرح کے ادارے میں خدمت انجام دینے پر رضامند ہونے سے قبل CEO اور چیف لیگل آفیسر سے منظوری حاصل کریں۔

آپ کو کسی غیر منفعتی تنظیم کے بورڈ میں خدمت انجام دینے کے لیے منظوری حاصل کرنے کی ضرورت نہیں ہے، الّا یہ کہ اس تنظیم کا کمپنی کے ساتھ کاروباری تعلق ہو، ایسی صورت میں اپنی ڈویژن یا فنکشن کے سربراہ کی منظوری حاصل کریں۔

### دیگر قابل غور باتیں

ہم کام کرنے کا ایک ایسا مثبت ماحول برقرار رکھنے کی جدوجہد کرتے ہیں جس سے ہماری کمپنی کی اقدار کی عکاسی ہوتی ہو اور جو کام کرنے کے مستحکم تعلقات کو فروغ دیتا ہو۔ یوں تو خارجی فریقوں کے ساتھ ہمارے معاملات سے اکثر مفادات کا تصادم پیدا ہوتا ہے، لیکن تصادم یا تصادم کا ظہور کمپنی کے اندر داخلی معاملات کے نتیجے میں بھی ہو سکتا ہے۔ ہم میں سے جو لوگ دوسروں کا نظم کرتے ہیں انہیں چوکنا رہ کر یہ یقینی بنانا چاہیے کہ ایسے حالات پیدا نہ ہوں جو دوسروں کو طرفداری یا مفاد کا امکانی تصادم معلوم پڑ سکتے ہوں۔

اگر آپ کے پاس سوالات ہوں یا خود کو مفاد کے امکانی تصادم کی صورتحال میں پائیں تو، اپنے مینیجر سے رجوع کریں۔ کمپنی اس صورتحال کا ازالہ کرنے اور ایک مناسب حل کی نشان دہی کرنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرے گی۔

کولگیٹ کے افراد مفادات کے تصادم سے متعلقہ مسائل پر کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں جو ourcolgate.com پر کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کے باب 7 میں مل سکتے ہیں۔

**سوال:**

آپ کے کنبہ کا ایک قریبی رکن ایک کھدائی کمپنی کا مالک ہے اور میں جس مینوفیکچرنگ پلانٹ میں کام کرتا ہوں اس میں کاروبار کرنے کے لیے ایک بولی جمع کرا رہا ہے۔ میں پروڈکشن لائن پر کام کرتا ہوں اور مجھے فیصلہ سازی کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ کیا مجھے ابھی بھی مفاد کے امکانی تصادم کے بطور اس بات کو اٹھانا چاہیے؟

**جواب:**

**ہاں۔** یوں تو بولی کی کارروائی کے نتیجے پر آپ کا راست کنٹرول نہیں ہو سکتا ہے، مگر یہ حقیقت کہ کمپنی کے اندر آپ کے کزن کے روابط ہیں مفاد کے تصادم کا ظہور پیدا کر سکتی ہے۔ ہیومن ریسورسز، گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا اپنے مینیجر سے رجوع کریں۔

## ہم کمپنی کے تجارتی رازوں اور خفیہ معلومات کا تحفظ کرتے ہیں

کولگیٹ کے تجارتی راز، دیگر خفیہ معلومات اور اس کا بہت سارا داخلی ڈیٹا گرانقدر اثاثے ہیں۔ تجارتی راز کولگیٹ کے کاروبار کے سلسلے میں استعمال ہونے والی وہ معلومات ہوتی ہے جو عام طور پر معلوم نہیں ہوتی ہے یا آسانی سے دریافت نہیں ہو پاتی ہے اور تقابلی لحاظ سے حساس ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے اس کی رازداری برقرار رکھنے کی کوششیں کی گئی ہیں۔ تجارتی رازوں اور خفیہ معلومات کا تحفظ ہماری مسلسل نمو اور مقابلہ آرائی کی اہلیت میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔

### تجارتی رازوں یا دیگر خفیہ معلومات کی کچھ مثالیں کیا ہیں؟

- ہمارے کاروبار میں مستعمل کوئی بھی فارمولہ، ڈیزائن، آلہ یا معلومات جو کولگیٹ کو ہمارے حریفوں کے اوپر ایک فائدہ حاصل کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے
- وہ املاک دانش جن کو منظر عام پر نہ لایا گیا ہو
- کاروباری تحقیق
- مصنوع کے نئے منصوبے
- غیر عوامی مالی معلومات یا غیر شائع شدہ قیمت بندی کی معلومات
- مینوفیکچرنگ کی کارروائیاں
- مارکیٹنگ یا سیلز کا کسی بھی قسم کا غیر جاری شدہ مواد
- قانونی آراء یا اٹارنی ورک پروڈکٹ
- کولگیٹ کی مینوفیکچرنگ یا تحقیقی سہولت میں موجودگی کے دوران لی گئی غیر مجاز تصاویر یا ویڈیو
- ملازمین، گاہکوں یا وینڈرز کی فہرستیں
- گاہک کے تقاضوں، ترجیحات، کاروباری عادات اور منصوبوں کے سلسلے میں معلومات

مکمل نہ ہوتے ہوئے بھی، یہ فہرست معلومات کی ان وسیع اقسام کا بتاتی ہے جن کی نگہبانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ تجارتی راز اور دیگر خفیہ معلومات کا پیٹنٹ کے قابل ہونا ضروری نہیں ہے، لیکن انہیں منظرِ عام پر نہیں لایا جا سکتا ہے۔

کولگیٹ کے تجارتی رازوں اور دیگر خفیہ معلومات کے سلسلے میں آپ کی جوابدہی درج ذیل ہے:

**نہ کریں** ان معلومات کا افشاء کولگیٹ کے دیگر افراد یا تیسرے فریقوں پر، سوائے اس صورت کے جو "جاننے کی ضرورت" یا "استعمال کرنے کی ضرورت" پر مبنی ہو۔

**نہ کریں** تیسرے فریق کی اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے سیکیورٹی کنٹرولز کے ایک مناسب تجزیے اور تیسرے فریق کے ساتھ رازداری کے ایک مناسب معاہدے کی موجودگی کے بغیر ان معلومات کی دیکھ ریکھ میں تیسرے فریقوں کو شامل۔

**نہ کریں** عوامی طور پر دستیاب ویب سائٹوں یا سوشل میڈیا کی سائٹوں پر ان معلومات کی اشاعت یا ان پر گفتگو۔

**نہ کریں** ان معلومات کا خود اپنے فائدے یا کولگیٹ سے باہر کے شخص کے غیر مجاز فائدے کے لیے استعمال۔

**کریں** کولگیٹ کے تجارتی رازوں اور خفیہ معلومات کے تحفظ کے لیے دیگر سبھی معقول اقدامات اٹھائیں۔

اگر آپ کولگیٹ چھوڑ کر جاتے ہیں تو، کولگیٹ کے تجارتی رازوں اور خفیہ معلومات کے تحفظ کی آپ کی جوابدہی برقرار رہتی ہے۔ آپ کو یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ کسی بھی قسم کی مراسلت، مطبوعہ مواد، الیکٹرانک معلومات، دستاویزات یا ریکارڈز، مخصوص تیاری کی معلومات، طریقہ کار، کام انجام دینے کے کولگیٹ کے خصوصی طریقے - چاہے خفیہ ہوں یا نہ ہوں - یہ سبھی کمپنی کی املاک ہیں اور انہیں کولگیٹ میں ہی رہنا چاہیے۔ اگر آپ کمپنی چھوڑ کر جاتے ہیں تو اپنی ملکیت، تحویل یا کنٹرول میں موجود کمپنی کی سبھی املاک واپس کرنا ضروری ہے۔

اگر اس ضمن میں آپ کے سوالات ہیں کہ آیا معلومات خفیہ ہے یا تجارتی راز ہے تو آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رابطہ کرنا چاہیے۔

کولگیٹ کے افراد کمپنی کی حق ملکیت کی معلومات کو محفوظ رکھنا پر کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں جو ourcolgate.com پر کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کے باب 12 میں مل سکتے ہیں۔

**سوال:**

اپنے کام کے حصے کی طرف جاتے ہوئے لفٹ میں میں نے سرسری طور پر اپنے دو رفقائے کار کو زیر تیاری ایک نئی مصنوع کے بارے میں وہ جو کام کر رہے ہیں، اس پر بات کرتے ہوئے سنا۔ میں تشویش زدہ ہو گیا کیونکہ ہم دفتر کی جگہ کا اشتراک دوسری کمپنیوں کے ساتھ کرتے ہیں اور وہ جس معلومات پر گفتگو کر رہے تھے وہ خفیہ نوعیت کی تھی۔ کیا مجھے کچھ کہنا چاہیے تھا؟

**جواب:**

**ہاں۔** یہ امر انتہائی اہم ہے کہ کولگیٹ کے افراد کمپنی کی خفیہ معلومات پر عوامی جگھوں جیسے لابی، کیفے ٹیریا، لفٹ، وغیرہ میں گفتگو نہ کریں جہاں پر خفیہ گفتگو کرنا نامناسب ہو گا۔ آپ کو اپنے ساتھی کارکنوں کے ساتھ اپنی تشاویش کا اظہار کرنے کے لیے "آواز اٹھانے" اور ان کی توجہ صورتحال کی طرف مبذول کرانے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

## ہم پریس اور میڈیا کی درخواست کی پالیسیوں کی پابندی کرتے ہیں

- میڈیا، پریس، مالی امور سے تعلق رکھنے والی برادری یا عوام کی جانب سے کمپنی کے مالی امور یا کاروباری معلومات کے تعلق سے کولگیٹ کی جانب سے بات کرنے کی درخواستیں نائب صدر، کارپوریٹ کمیونیکیشنز یا نائب صدر، انویسٹر ریلیشنز کے پاس بھیجی جائیں۔

- سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن، نیویارک اسٹاک ایکسچینج یا دنیا بھر کے دیگر انضباط کاروں اور حکام کے رابطہ کاروں کو کولگیٹ کی جانب سے معلومات فراہم کرنے کی درخواستیں گلوبل لیگل آرگنائزیشن کے پاس بھیجی جائیں۔

یہ ضروری ہے کہ کمپنی کی جانب سے کوئی بھی ملازم اس طرح کے کسی استفسار کا جواب نہ دے یا خود ان سے رابطہ نہ کرے، کیونکہ کوئی بھی نامناسب یا غلط جواب، حتی کہ معلومات سے انکار یا بے تعلقی کا نتیجہ ناموافق تشہیر کی شکل میں برآمد ہو سکتا ہے اور بصورت دیگر کمپنی پر سنگین طریقے سے اثر انداز ہو سکتا ہے۔

یہ پالیسی عوامی طور پر دستیاب مالیاتی معلومات، جیسے سالانہ اور سہ ماہی رپورٹوں یا مصنوعات کی فروخت سے متعلق کمپنی کی تشہیری سرگرمیوں پر لاگو نہیں ہوتی ہے۔

کمپنی یا اس کے امور کی جانب سے بات کر رہے کولگیٹ کے کسی ملازم کے ساتھ انٹرویوز اور/یا کمپنی کی کسی پریس ریلیز کے اجراء اور/یا بیانات کے لیے درخواستوں پر نائب صدر، کارپوریٹ کمیونیکیشنز یا نائب صدر، انویسٹر ریلیشنز کے ذریعہ پیشگی طور پر نظرثانی کی جائے اور ان کی منظوری لی جائے۔ اسی طرح کمپنی کے شروع کردہ انٹرویوز کی بھی میڈیا کے ساتھ ملاقات کا وقت طے کرنے سے قبل منظوری لی جانی چاہیے۔

کولگیٹ کے افراد سیکیورٹیز کی تجارت اور معلومات کی رازداری پر کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو ourcolgate.com پر کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کے باب 4 میں مل سکتے ہیں۔

## ہم کھاتے اور ریکارڈ درستگی سے بنائے رکھتے ہیں

ہماری کمپنی کی مالی حیثیت اور اس کے افعال کے نتائج قانون کے تقاضوں اور عمومی طور پر تسلیم شدہ اکاؤنٹنگ کے اصولوں (GAAP) کے مطابق ریکارڈ کر کے رکھے جانے چاہئیں۔ کمپنی کی پالیسی، نیز قانون کا تقاضا ہے کہ کولگیٹ کھاتوں، ریکارڈز اور اکاؤنٹس کو درستگی سے بنائے رکھے جس سے کاروباری لین دین کی نوعیت اور کمپنی کے اثاثوں کے تصفیے کی قطعی طور پر اور منصفانہ طریقے سے عکاسی ہوتی ہو۔

کمپنی کے اکاؤنٹنگ اور مالی ریکارڈز کی راستبازی کمپنی کے کھاتوں اور اکاؤنٹس میں اندراجات کی تائید کے لیے فراہم کردہ معلومات کی قطعیت اور کاملیت پر مبنی ہوتی ہے۔ اس طرح کی معلومات کی تخلیق، اس پر کارروائی اور اس کی ریکارڈنگ میں شامل ہر فرد اس کی راستبازی کے لیے ذمہ دار قرار دیا جاتا ہے۔ ہر اکاؤنٹنگ یا مالی اندراج سے بعینہ اس چیز کی عکاسی ہونی چاہیے جو تائیدی دستاویز کے ذریعہ بیان کی گئی ہے۔ انتظامیہ کی جانب سے، یا اس کے ذریعہ، یا کمپنی کے داخلی یا خود مختار آڈیٹرز سے معلومات کا کوئی اخفاء نہیں ہونا چاہیے۔

کمپنی کی جانب سے کوئی بھی ادائیگی منظور یا ادا نہیں کی جائے گی اگر ادائیگی کا کوئی بھی حصہ ادائیگی کی تائید کرنے والی دستاویزات میں بیان کردہ مقاصد کے ماسوا کے لیے استعمال ہونا ہے۔ کسی بھی وجہ سے کمپنی کے کھاتوں یا مالی ریکارڈز میں کوئی بھی جھوٹے یا گمراہ کن اندراجات نہیں کیے جانے چاہئیں۔ کسی بھی مقصد کے لیے کمپنی کا کوئی فنڈ، اثاثہ یا اکاؤنٹ تب تک نہیں تشکیل دیا، حاصل کیا یا برقرار رکھا جا سکتا جب تک کمپنی کے کھاتوں اور ریکارڈز میں باقاعدہ طور پر اس کی عکاسی نہ ہو۔ کسی بھی کارپوریٹ فنڈ یا اثاثوں کا استعمال کسی غیر قانونی یا نامناسب مقصد کے لیے نہیں ہونا چاہیے۔

مالی معلومات تیار کرنے کے ذمہ دار مینیجر اور دوسرے حضرات کو یقینی بنانا چاہیے کہ کولگیٹ کی کارپوریٹ مالی پالیسیوں کی پیروی کی جاتی ہے۔ محصول اور اخراجات کو بروقت بنیاد پر مناسب طریقے سے تسلیم کیا جانا چاہیے۔

اثاثوں اور واجبات کو باقاعدہ طریقے سے ریکارڈ کرنا اور مناسب طور پر ان کی قدر پیمائی ہونی چاہیے۔ اس کے علاوہ، جو لوگ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن میں کولگیٹ کی فائلنگز اور قابل اطلاق قانون کے ذریعہ مطلوب دیگر فائلنگز، یا کاروباری یا مالی برادری کے ساتھ دیگر مواصلات کی تیاری کے ذمہ دار یا اس میں شامل ہیں، انہیں یہ یقینی بنانا چاہیے کہ ان فائلنگز یا مواصلات میں کیے گیے انکشافات ان کا انکشاف کیے جانے کے وقت مکمل، منصفانہ، قطعی، بروقت اور قابل فہم ہیں۔ اگر آپ اکاؤنٹنگ یا مالی اندراجات میں یا کولگیٹ کی سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن کی رپورٹوں یا دیگر مواصلات میں کسی ممکنہ بھول چوک، جعل سازی یا عدم قطعیت سے، یا داخلی کنٹرولز میں کسی ا نقطاع سے واقف ہو جاتے ہیں تو، آپ کو فوری طور پر اپنے مینیجر یا گلوبل لیگل آرگنائزیشن کو اس طرح کی معلومات کی اطلاع دینی چاہیے۔ آپ ان امور سے تعلق رکھنے والے کمپنی کے گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

کولگیٹ کے افراد کمپنی کی دستاویزات پر کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو ourcolgate.com پر کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کے باب 5 میں مل سکتے ہیں۔

### ہم کولگیٹ کے اثاثوں کا تحفظ کرتے ہیں

کمپنی کے اثاثے، سہولیات یا خدمات کا استعمال صرف قانونی، مناسب اور مجاز مقاصد کے لیے ہونا چاہیے۔ رقم، املاک یا خدمات کی چوری سختی کے ساتھ ممنوع ہے۔ کولگیٹ کے آلات، سسٹمز، سہولیات، کارپوریٹ کریڈٹ کارڈز اور ساز و سامان کے استعمال کا تعلق کولگیٹ میں آپ کے کام یا انتظامیہ کے ذریعہ مجاز مقاصد کے لیے ہونا چاہیے۔ آپ ذاتی طور پر کمپنی کی صرف اسی املاک کے تحفظ کے ذمہ دار نہیں ہیں جو آپ کی تحویل میں ہیں بلکہ عمومی طور پر کمپنی کے اثاثوں کے تحفظ میں مدد کرنے کے بھی ذمہ دار ہیں۔ آپ کو کسی بھی ایسی صورتحال یا واقعات کے لیے چوکس رہنا چاہیے جو کمپنی کی املاک کے نقصان، غلط استعمال یا چوری کا باعث ہو سکتے ہوں اور اس طرح کے تمام حالات آپ کے علم میں آنے کے ساتھ ہی آپ کو ان کی اطلاع اپنے مینیجر یا گلوبل سیکیورٹی کو دینی چاہیے۔

صرف کمپنی کے مخصوص افسران اور دیگر سینئر ملازمین کو ہی کمپنی کے اثاثوں پر اثر انداز ہونے والے عہدو پیمان کرنے کا اختیار ہے۔ جب تک باقاعدہ طور پر اجازت نہ ملی ہو، آپ کو کمپنی کے اثاثوں پر اثر انداز ہونے والے عہدو پیمان نہیں کرنے چاہئیں۔ اگر آپ کے سوالات ہوں یا وضاحت درکار ہو تو، آپ کو اپنے مقامی یا ڈویژن کے فائنانشیل ڈائریکٹر سے رابطہ کرنا چاہیے۔

**سوال:**

اگر مجھے مخصوص اخراجات چڑھانے میں اگلی مدت تک تاخیر کرنے کو کہا جاتا ہے تو میں کیا کروں؟ مثلاً، اگر کوئی مجھے بتاتا ہے کہ "تاوقتیکہ ہم انہیں اس مالی سال میں ریکارڈ کرلیں، ہم کچھ بھی غلط نہیں کر رہے ہیں۔" کیا یہ درست ہے؟

**جواب:**

**نہیں۔** اخراجات چڑھانے میں جان بوجھ کر تاخیر کرنا چاہے رقم کی مالیت جتنی بھی ہو ایک گمراہ کن، ناقابل قبول اور امکانی طور پر غیر قانونی طرز عمل ہو گا۔ ہر ایک کاروباری اور مالی لین دین، چاہے غیر اہم ہو، قطعی طور پر اور ایمانداری کے ساتھ اس کی اطلاع دی جانی چاہیے۔ کمپنی کی کسی بھی دستاویز یا ریکارڈ میں جعل سازی ایک سنگین جرم ہے اور اس کے نتیجے میں ملازمت سے برخاستگی ہو سکتی ہے۔

### ہم اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وسائل اور سوشل میڈیا کا استعمال ذمہ دارانہ طور پر کرتے ہیں

کولگیٹ کی اطلاعاتی ٹیکنالوجی (IT) کے وسائل اور سوشل میڈیا کا استعمال ذمہ دارانہ طور پر اور ضابطے اور کمپنی کی دیگر سبھی پالیسیوں یا طریقۂ کار سے ہم آہنگ انداز میں کیا جانا چاہیے۔

کولگیٹ کے IT کے وسائل میں وہ سبھی موجودہ اور آئندہ کے آلات، سافٹ ویئر اور خدمات شامل ہیں جو کولگیٹ کی زیر ملکیت، اس کے ذریعہ پٹے پر لیے گئے یا فراہم کردہ ڈیٹا جمع کرتے، اسے ذخیرہ کرتے، اس پر مواصلت اور کارروائی کرتے ہیں۔

کولگیٹ کے IT کے وسائل کا استعمال، محدود اور مناسب ذاتی استعمال کو چھوڑ کر، کولگیٹ کے کاروباری مقاصد کے لیے لائق احترام، پیشہ ورانہ انداز میں کیا جانا چاہیے۔

اس کے علاوہ، درج ذیل استعمال ممنوع ہیں:

- ہراساں کرنے والے، امتیازی سلوک برتنے والے، جارح، توہین آمیز، فریبانہ یا دھمکی آمیز پیغامات، بشمول وہ پیغامات جو جارحانہ طور پر نسل، مذہب، قومی نژاد، نسلی پس منظر، رنگ، جنس، صنفی شناخت، عمر، شہریت، فوجی حیثیت، ازدواجی حیثیت، معذوری یا قانون کے ذریعہ تحفظ یافتہ کسی دیگر صفت کو نشانہ بناتے ہوں۔
- کسی خارجی سائٹ پر کولگیٹ کی خفیہ یا تجارتی راز کی معلومات کی غیر مجاز تقسیم یا کمپنی کی خفیہ کاروباری معلومات یا داخلی کارروائیوں پر غیر مجاز گفتگو۔
- نیٹ ورک کمیونیکیشن کی سیکیورٹی کی خلاف ورزیوں یا خلل انگیزیوں کا باعث بننا یا بننے دینا اور/یا دوسروں پر اپنی صارف ID یا پاس ورڈ کا نامناسب طریقے سے افشاء کرنا یا اپنی صارف ID یا پاس ورڈ دوسروں کو استعمال کرنے کی اجازت دینا۔
- کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط یا اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وسائل اور سوشل میڈیا کے استعمال پر رہنما خطوط کے ذریعہ ممنوع کوئی دیگر استعمال۔

قابل اطلاق قانون کے ذریعہ کی گئی تحدید کو چھوڑ کر، کولگیٹ مناسب حالات میں کمپنی کی صوابدید پر اور قابل اطلاق قوانین کے بموجب کمپنی کے سبھی IT کے وسائل پر نگاہ رکھنے، ان تک رسائی حاصل کرنے اور ان کا جائزہ لینے کا حق محفوظ رکھتی ہے۔ کمپنی کے سبھی IT کے وسائل پر نگاہ رکھنے، ان تک رسائی حاصل کرنے اور ان کا جائزہ لینے کا کمپنی کا حق کاروبار نیز کمپنی کے IT کے وسائل کا استعمال کر کے تخلیق کردہ، ذخیرہ کردہ یا منتقل کردہ ذاتی معلومات تک وسیع ہے اور کمپنی کے IT کے وسائل کی معرفت دیکھی گئی سوشل میڈیا کی سائٹیں بھی اس میں شامل ہیں۔ اس طرح کی کاروباری یا ذاتی معلومات کے سلسلے میں ملازمین کو رازداری کی توقع نہیں رکھنی چاہیے۔

کولگیٹ کسی بھی وقت، کسی بھی وجہ سے، پیشگی اطلاع کے ساتھ یا بغیر، کولگیٹ کی اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وسائل تک کسی بھی صارف کی رسائی یا ان کے استعمال کو محدود یا ختم کرنے کا حق محفوظ رکھتی ہے، سوائے اس کے جہاں از روئے قانون ممنوع ہو۔

کولگیٹ کے افراد اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وسائل اور سوشل میڈیا کو استعمال کرنا پر کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں جو ourcolgate.com پر کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کے باب 13 میں مل سکتے ہیں۔



# بورڈ آف ڈائریکٹرز کے ساتھ ہمارا تعلق

ہم خوش قسمت ہیں کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز میں خدمت انجام دینے کے لیے ممتاز افراد کا ایک گروپ موجود ہے، جو ہماری مسلسل کامیابی کے لیے ناگزیر مشورے، رہنمائی اور قیادت فراہم کر رہا ہے۔ کاروبار، تعلیم اور خدمت عامہ، بین الاقوامی تجربہ، تعلیمی حصولیابی، اطوار اور اخلاق کردار، اور ہمہ جہتی میں اپنے اجتماعی پس منظر کے ساتھ، ہمارا بورڈ آف ڈائریکٹرز کمپنی کے کاروبار پر مؤثر نگاہ رکھتا ہے۔

### ہمارے پاس ایک خود مختار، تجربہ کار اور ہمہ جہت بورڈ آف ڈائریکٹرز ہے

خود مختاری راستبازی اور جوابدہی کو فروغ دیتی ہے۔ یہ کولگیٹ کی پالیسی ہے کہ بنیادی طور پر خارجی خود مختار ڈائریکٹرز پر مشتمل ایک بورڈ آف ڈائریکٹرز رکھا جائے۔ آڈٹ، معاوضہ اور نگرانی کے امور پر نگاہ رکھنے والی بورڈ کی کمیٹیوں میں خدمت انجام دینے والے سبھی ڈائریکٹرز خود مختار ہیں۔ یہاں کوئی انٹرلاکنگ ڈائریکٹرشپ نہیں ہے، اور کمپنی کی یہ پالیسی ہے کہ کوئی بھی خود مختار ڈائریکٹر کمپنی کی جانب سے مشاورتی، قانونی یا کوئی دیگر غیر ڈائریکٹر فیس وصول نہ کرے۔

### ہم بورڈ کے ساتھ براہ راست اور کھلم کھلا مواصلات کو فروغ دیتے ہیں

بورڈ روم کے اندر اور باہر دونوں جگہ، کولگیٹ کے ڈائریکٹرز کمپنی کی انتظامیہ کے ساتھ اکثر اور براہ راست رابطہ کرتے ہیں۔ کلیدی سینئر مینیجرز باقاعدگی سے ڈائریکٹرز کے ساتھ بورڈ کی میٹنگز میں شامل ہوتے ہیں اور سب ساتھ مل کر فعال انداز میں متعدد کاروباری امور پر ہونے والے بے لاگ مباحثوں میں شرکت کرتے ہیں۔ بورڈ کی طے شدہ میٹنگز کے درمیانی عرصے میں، ڈائریکٹرز کو سوالات اور تجاویز کے ساتھ سینئر مینیجرز سے رابطہ کرنے کو مدعو کیا جاتا ہے، اور اکثر وہ رابطہ کرتے بھی ہیں۔ کھلےپن اور خلوص کے نتیجے میں پیدا ہونے والی فضا سے کولگیٹ کی مجموعی کارپوریٹ ثقافت کی عکاسی ہوتی ہے اور اس سے بورڈ کو کمپنی کی کاروباری حکمت عملی کے فروغ اور رہنمائی میں ایک فعال کردار ادا کرنے میں مدد ملتی ہے۔

### ہم عمدہ کارپوریٹ نگرانی کے پابند عہد ہیں

کولگیٹ کا بورڈ کارپوریٹ نگرانی کی پیشقدمیوں کی حمایت کرنے میں قائد رہا ہے۔ سبھی کاروباری معاملات پر حاوی ضابطۂ اخلاق باقاعدہ طور پر اپنانے اور بورڈ اور اس کی کمیٹیوں کے لیے منشور تیار کرنے میں اپنے ہم عصروں میں اولین مقام رکھنے والی کولگیٹ نے پچھلی دو دہائیوں میں کارپوریٹ نگرانی کے عمدہ طرز عمل لاگو کیے ہیں، جو مسلسل اصلاح پذیر اور مصفی ہو رہے ہیں۔ کولگیٹ کا بورڈ ان پالیسیوں میں مرکزی مقام رکھتا ہے اور اسے پکا یقین ہے کہ اچھی کارپوریٹ نگرانی ہماری طویل مدتی کاروباری کامیابی کی ترغیب دیتی اور زبردست طریقے سے اس میں مدد دیتی ہے۔

کولگیٹ کے افراد "کارپوریٹ نگرانی کے اہم امور پر بورڈ کے رہنما خطوط" سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو colgatepalmolive.com پر مل سکتی ہے۔

# خارجی کاروباری اداروں کے ساتھ ہمارا تعلق



سپلائرز، گاہکوں اور دیگر تیسرے فریقوں کے ذریعہ ہمیں جیسا تصور کیا جاتا ہے، اس کے لیے ہم سبھی ذمہ دار ہیں۔ یہ لازمی ہے کہ ہم ان گروپوں کے ساتھ ایماندارانہ اور منصفانہ لین دین پر مشتمل کمپنی کی ساکھ بنائے رکھیں۔

### ہم سپلائرز، گاہکوں اور دیگر تیسرے فریقوں کے ساتھ اخلاق انداز میں معاملات کرتے ہیں

ٹھوس، دیرپا کاروباری تعلقات کے لیے سپلائرز، گاہکوں اور دیگر تیسرے فریقوں کے ساتھ ایمانداری سے معاملات کرنا لازمی ہے۔ ہم سبھی امکانی تیسرے فریقوں پر منصفانہ اور یکساں توجہ دیتے ہیں۔ وینڈر کے انتخاب کے فیصلے معروضی کسوٹیوں جیسے قیمت اور معیار، نیز معتبریت اور راستبازی پر مبنی ہوتے ہیں۔

اس کے علاوہ، ہم قیمت، تشہیری بھتے، مارکٹینگ میں اعانت وغیرہ کے تئیں تیسرے فریقوں کی کوئی ذاتی طرفدار نہیں کرتے ہیں۔ سپلائرز، گاہکوں اور دیگر تیسرے فریقوں کے ساتھ ہونے والے معاملات پر اس ضابطہ کے حکومت اور قانون کے ساتھ ہمارا تعلق بتلانے والے سیکشن میں مزید گفتگو کی گئی ہے۔

کولگیٹ کا تیسرے فریق کے لیے ضابطۂ اخلاق کمپنی کی ویب سائٹ پر متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

### ہم نامناسب تحائف نہیں دیتے، نہ ہی قبول کرتے ہیں

کسی کاروباری فیصلے پر اثر انداز ہونے یا اثر انداز ہوتا ہوا معلوم پڑنے کے لیے تحائف، ادائیگیاں یا دیگر مراعات (بشمول لیکن بلا تحدید رشوت یا نذرانے) پیش کرنا، دینا یا لینا ناقابل قبول ہے۔ اگر آپ کا ارادہ معمولی مالیت (تقریباً 50 USD) سے زیادہ کا تحفہ، ادائیگی یا دیگر مراعات دینے کا ہے، آپ نے دیا ہے، آپ کو پیش کیا گیا ہے یا آپ نے لیا ہے یا اگر آپ کو یقین ہے کہ کسی کاروباری فیصلے پر اثر انداز ہونے کی کوشش کے تحت اس طرح کے تحفے، ادائیگی یا دیگر مراعات آپ کو پیش کیے یا فراہم کیے گئے تھے تو، آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے رابطہ کرنا چاہیے۔ نیز، یہ بھی ذہن میں رکھیں کہ آپ ایک واحد ماخذ سے فی تقویمی سال صرف ایک بار ہی معمولی مالیت کا تحفہ قبول کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کی طرف سے معمولی مالیت سے زائد کا کوئی تحفہ قبول نہ کیا جانا کمپنی کے لیے باعث شرمندگی ہو گا تو، پھر آپ کو تحفہ قبول کرنے کی اطلاع گلوبل لیگل آرگنائزیشن کو دینی چاہیے۔ اس کے علاوہ، کنبہ کے قریبی افراد کی جانب سے کسی بھی ایسے شخص کے لیے جس کے ساتھ کمپنی کا موجودہ کاروباری تعلق ہے یا مستقبل میں کاروباری تعلق ہونے کا امکان ہو گا، معمولی مالیت سے زائد کے تحفے، ادائیگی یا دیگر مراعات کا انتظام نہ کریں یا اس سے یہ چیز قبول نہ کریں۔

**اس اصول پر عمل کریں:** کبھی بھی کوئی ایسا تحفہ یا خدمت قبول نہ کریں اگر وہ آپ کو خطرے میں ڈال دے یا آپ کو خطرے میں ڈالتا ہوا معلوم پڑے۔ اس میں کبھی کبھار کی معقول کاروباری تفریح یا معمولی مالیت کے تحائف شامل نہیں ہیں۔

آپ کو اس امر سے واقف رہنا چاہیے کہ وفاق، ریاستی، مقامی یا غیر ملکی سرکاری اہلکاروں اور حکومتوں کے ساتھ معاملات کرنے میں مناسب برتاؤ پر نافذ العمل خصوصی اصول ہیں جو غیر سرکاری اداروں کے ساتھ ہونے والے معاملات کے اصولوں سے مختلف ہیں۔ عمومی طور پر، آپ سرکاری ملازمین یا حکومتوں کو کھانے یا سفر سمیت کوئی تحفہ، بخشش یا مالیت والی چیز پیش یا فراہم نہیں کر سکتے ہیں، الّا یہ کہ گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے پیشگی منظور شدہ ہو۔

کولگیٹ کے افراد سرکاری اہلکاروں یا حکومتوں کو تحائف دینے کے سلسلے میں اضافی معلومات سرکاری اہلکاروں اور حکومتوں سے تعلق رکھنے والے اخراجات پر گلوبل پالیسی اور متعلقہ منظوری فارم سے رجوع کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔

کولگیٹ کے سپلائرز اور وینڈرز کو ہمارے ساتھ کام کرتے وقت تیسرے فریق کے لیے ضابطۂ اخلاق کی پابندی کے تقاضوں سے ہمیشہ آگاہ رہنا چاہیے یا ایسا نہ کر پانے پر ہمارے کاروبار سے محرومی کے امکان کا سامنا کرنا چاہیے۔ اس کے علاوہ، ہمیں گاہک یا سپلائر کی پالیسیوں کا احترام اور ان کی پابندی کرنی چاہیے اس حد تک کہ وہ خود ہماری پالیسیوں سے متصادم نہ ہوں۔

**سوال:**

ایک گاہک نے مجھے ایک پیشہ ورانہ گولف ٹورنامنٹ میں مدعو کیا۔ میں نے اپنے سپروائزر کو دعوت نامے کی اطلاع دی اور اس نے کاروبار پر گفتگو کرنے کی شرط پر میری شرکت کی منظوری دی۔ ٹورنامنٹ کے دوران، ایک ڈرا کا اہتمام کیا گیا اور میں نے معمولی مالیت سے کافی زیادہ قیمت کا گولف کلبز کا ایک سیٹ جیت لیا۔ کیا انہیں قبول کرنا ضابطہ کی خلاف ورزی ہو گی؟

**جواب:**

**ہاں۔** مقابلے، ڈرا یا قرعہ اندازی میں موصولہ کسی بھی انعام کو تحفہ خیال کیا جائے گا۔ اگر تحفے کی مالیت تحفے کی ہماری پالیسی میں بیان کردہ معمولی مالیت سے زائد ہو تو اسے قبول کرنا ضابطہ کی خلاف ورزی خیال کیا جائے گا۔ نیز، اگر آپ کے سوالات ہوں تو EthicsLine اضافی رہنمائی اور مشورہ فراہم کر سکتی ہے۔

## ہم دوسروں کے تجارتی رازوں اور خفیہ معلومات کا احترام کرتے ہیں

کولگیٹ کی یہ پالیسی ہے کہ دوسروں کے جائز اور قابل نفاذ حقوق املاک دانش سے جان بوجھ کر تجاوز نہ کیا جائے۔ کمپنی کی یہ پالیسی بھی ہے کہ دوسروں کے تجارتی راز اور حق ملکیت والی دیگر معلومات کا احترام کیا جائے۔ اگر آپ کولگیٹ میں شامل ہوتے ہیں اور آپ کو اپنے سابق آجر کے تجارتی رازوں اور حق ملکیت والی معلومات کا علم ہے تو یہ چیز خاص طور پر اہم ہے۔ اگر اس سلسلے میں کوئی سوالات پیدا ہوتے ہیں تو، آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رجوع کرنا چاہیے۔

اگر کمپنی سے باہر کا کوئی شخص کوئی ایجاد، دریافت یا نیا خیال لے کر آپ کے پاس آتا ہے تو، آئندہ خلاف ورزیوں یا مالی دعووں سے کمپنی کا تحفظ کرنا اہم ہے۔ پہلے گلوبل لیگل آرگنازییشن سے رجوع کیے بغیر، خارجی افراد کو اپنی ایجاد، دریافت یا نئے خیال کی کسی بھی تفصیلات کا افشاء کرنے کی اجازت نہ دیں۔ ان چاہے تصورات کے ساتھ آپ کے پاس آنے والے سبھی فریقوں کو یا تو گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا اپنے مقام پر موجود کنزیومر افیئرز (امور صارفین) ڈیپارٹمنٹ کے پاس بھیجیں تاکہ کمپنی کے طریق کار کے مطابق ان سے نمٹا جائے۔

کولگیٹ کے افراد "کمپنی کی حق ملکیت کی معلومات کو محفوظ رکھنا اور دوسروں کے حق ملکیت کی معلومات کا احترام کرنا" پر کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو ourcolgate.com پر کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کے باب 12 میں مل سکتے ہیں۔

# صارفین کے ساتھ ہمارا تعلق



ہماری کمپنی کی ساکھ ہماری مصنوعات کے معیار اور تحفظ پر قائم ہے۔ معیار اور تحفظ کے تئیں ہماری عہد بستگی کمپنی کی مسلسل نمو اور کامیابی کے لیے لازمی ہے۔

### ہم اپنی مصنوعات کے لیے اعلی ترین معیارات طے کرتے ہیں

ہم یہ یقینی بنانے کے پابند عہد ہیں کہ صارفین کولگیٹ کی مصنوعات کی معتبریت، معیار اور نمایاں کارکردگی کے لیے ان پر اعتبار کر سکتے ہیں۔ جن بازاروں میں ہم کام کرتے ہیں وہاں کے کروڑوں افراد کی خدمت انجام دینے کے علاوہ، ہمیں اپنی مصنوعات اپنی کوشش کی حد تک انتہائی کفایتی طریقے سے پیش کرنے کی جدوجہد کرنی چاہیے تاکہ وہ صارفین کی عظیم ترین تعداد کے لیے حسب مقدور ہوں۔

کولگیٹ کی فروخت کردہ مصنوعات کو نہ صرف قانون کے ذریعہ طے کردہ سبھی تحفظاتی معیارات، بلکہ کمپنی کے اکثر و بیشتر زیادہ سخت معیارات پر بھی پورا اترنا چاہیے۔ ہم مصنوعات کے ساتھ مشتبہ چھیڑ چھاڑ، غلط استعمال یا نقلی مصنوعات کی صورت میں صارفین کو بروقت تعاون فراہم کرنے کے لیے پروگراموں میں شرکت کرتے ہیں۔ صارف کی صحت، سلامتی اور بہبود ہمارے لیے بنیادی اہمیت کے حامل ہیں، اور کولگیٹ کے ملازم کی حیثیت سے مصنوع کے معیار یا تحفظ سے متعلق آپ کو پیش آمدہ کسی بھی امور کی اطلاع فوری طور پر اپنی کاروباری اکائی کے قائد کو دینا آپ کی ذمہ داری ہے۔

ہمارے اجزاء کے تحفظ کے سلسلے میں اضافی معلومات کے لیے، براہ کرم اجزاء کا تحفظ پر ہماری پالیسی سے رجوع کریں جو colgatepalmolive.com پر مل سکتی ہے۔

### ہم صارفین کے تئیں جوابدہ ہیں

چونکہ ہمارا کاروبار صارف کی مصنوعات کا ہے، لہذا ہماری کامیابی کا انحصار صارف کی طمانیت، اعتبار اور خیر خواہی پر ہے۔ ہم صارف سے مواصلت کے استقلال پذیر، منصفانہ اور حساس پروگرام پر عمل کر کے اپنے مقاصد کو بہترین طریقے سے حاصل اور صارفین کی ضروریات پوری کر سکتے ہیں۔

ہم صارفین کی ضروریات اور ترجیحات کی قیاس آرائی اور جوابی اقدام کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہیں۔ ہمارا یہ بھی ماننا ہے کہ ہماری مصنوعات کے سلسلے میں کمپنی کو پہنچائی گئی صارف کی آراء، تشاویش اور استفسارات معلومات کے اہم ماخذ ہیں۔ صارف کی ضروریات مستقل طور پر تبدیل ہو رہی ہیں، لہذا ہمیں مسلسل طور پر سننا چاہیے کہ لوگ کس چیز کے خواہاں ہیں، تاکہ یہ بدلتی ضروریات پوری کی جائیں۔

جب کوئی صارف عدم اطمینان کا اظہار کرتا ہے تو ہماری کنزیومرز افیئرز ٹیم فوری طور پر، خوش اخلاق کے ساتھ اور منصفانہ طور پر مسئلے کا ازالہ کرے گی، اور صارف کی خیر خواہی برقرار رکھنے یا اسے دوبارہ حاصل کرنے کے لیے ہر معقول کوشش کرے گی۔

### ہماری تشہیر ایماندارانہ اور درست ہوتی ہے

ہمارے کاروبار کا ایک انتہائی اہم پہلو تشہیر ہے۔ تشہیر تخلیقی اور مقابلہ جاتی، لیکن اس کے ساتھ ساتھ ایماندارانہ، درست اور ہمیشہ قابل اطلاق قانون کے مطابق ہونی چاہیے۔ ہماری تشہیر کو ان جیسے عوامل کی بنیاد پر افراد کی کسی بھی قسم کی درجہ بندی سے احتراز کرنا چاہیے:

- نسل
- مذہب
- قومی نژاد
- نسلی پس منظر
- صنف یا صنفی شناخت
- عمر
- جنسی رجحان
- فوجی حیثیت
- ازدواجی حیثیت
- معذوری
- قانون کے ذریعہ تحفظ یافتہ کوئی دیگر صفت

**سوال:**

میرا ساتھی کارکن ایک لائن آپریٹر ہے جو ہر گھنٹے بعد وزن کی جانچیں کرنے کا ذمہ دار ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ مصنوع کی صحیح مقدار فراہم کی گئی ہے۔ میرا ماننا ہے کہ وہ جانچیں انجام نہیں دے رہا ہے اور اپنی دستاویزات میں جعل سازی کر رہا ہے۔ کیا مجھے اپنے سپروائزر کو مطلع کرنا چاہیے؟

**جواب:**

**ہاں۔** ہماری کمپنی کی ساکھ ہماری مصنوعات کے معیار اور تحفظ پر قائم ہے۔ اگر آپ کو لگتا ہے کہ کوئی ایسی کارروائیاں کی گئی ہیں جو ہماری کمپنی کی ساکھ کو خراب یا ہمارے گاہکوں یا صارفین پر اثر ڈال سکتی ہیں تو، آپ کو فوری طور پر اپنی انتظامیہ اور EthicsLine کو مطلع کرنے کی ضرورت ہے۔

تشہیر سے کسی مصنوع کا محض ایک چیز ہونے سے کہیں زیادہ ہونے کا تاثر پیدا ہوتا ہے۔ یہ معتبریت، انحصاریت اور بھروسہ مندی کے لیے ہماری ساکھ بناتی ہے۔

اس کے علاوہ، جس میڈیا میں ہمارے تشہیری پیغامات ظہور پذیر ہوتے ہیں، ان کے انتخاب میں ہم احتیاط برتتے ہیں۔ ہم ایسے ٹیلیویژن پروگراموں یا دیگر میڈیا میں اپنے اشتہارات پیش کرنے کی اجازت نہیں دیتے ہیں جو تشدد یا جنسیت کا بلا وجہ یا حد سے زیادہ استعمال کرتے ہیں، سماج مخالف ہیں یا ہماری کمپنی کی ساکھ یا مصنوعات پر منفی طریقے سے اثر ڈالتے ہیں۔

ہم تشہیری، تجارتی نشانات اور ڈیزائنوں کی اختراع، استعمال اور انتخاب میں تجارتی شفافیت کے معیارات پر گامزن رہتے ہیں تاکہ ہماری مصنوعات حریفوں کی نقالی کرنے یا ان کی نیک نامی پر تجارت کرنے کے بجائے خود اپنے معیار اور ساکھ کی طاقت سے کامیاب ہوں۔ تجارتی شفافیت تقاضا کرتی ہے:

- تجارتی نشان کی خلاف ورزی اور غیر منصفانہ مسابقت سے متعلق مقامی قانونی تقاضوں کی سختی کے ساتھ پابندی۔
- کثیر ملکی کمپنیوں اور علاقائی حریفوں کے استعمال کردہ جانے مانے تجارتی نشانات، نعرے، تشہیری عنوانات اور گرافکس کی نقل کرنے سے احتراز کرنا۔

کولگیٹ کے افراد تشہیر پر کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو ourcolgate.com پر کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کے باب 14 میں مل سکتے ہیں۔

# حکومت اور قانون کے ساتھ ہمارا تعلق

ہم کولگیٹ پر نافذ سبھی قوانین کی تابعداری کرتے ہیں۔ ہماری یہ پالیسی ہے کہ قانون پر کلی طور پر عمل کریں۔ جب بھی آپ کو شبہ ہو، ہمیشہ گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رجوع کریں۔

### ہم سبھی قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کرتے ہیں

کولگیٹ کے افراد کو کمپنی کی سرگرمیاں اس طرح انجام دینی چاہئیں کہ وہ جن ممالک میں کام کرتے ہیں وہاں کے قوانین کی، نیز کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط، پالیسیوں اور طریق کار میں بیان کردہ ریاستہائے متحدہ کے متعلقہ قوانین کی پوری پوری تعمیل ہو۔ ایک اصول کے طور پر، ہم ایک کمپنی کی حیثیت سے خود کو اعلی ترین قابل اطلاق معیارات پر گامزن رکھتے ہیں۔ اگر آپ کا ماننا ہے کہ مقامی قوانین اور متعلقہ امریکی قانون یا کمپنی کی پالیسی کے بیچ تضاد ہے تو، براہ کرم گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رجوع کریں۔

### ہم مسابقت کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں

کولگیٹ اور دنیا بھر کے اس کے ملازمین کو مسابقت کے قوانین (جنھیں امریکہ میں مانع ارتکاز معیشت قوانین کے نام سے جانا جاتا ہے) کی پوری پوری تعمیل کرنی چاہیے جو ہر اس ملک، ریاست اور علاقے میں لاگو ہوتے ہیں جہاں پر ہم کاروبار کرتے ہیں۔ ان قوانین کا مقصد یہ یقینی بنا کر صارفین اور دیگر کمپنیوں کا تحفظ کرنا ہے کہ کمپنیاں کمتر قیمتیں، مزید اختراعی مصنوعات اور بہتر خدمت پیش کر کے منصفانہ طریقے سے مقابلہ آراء ہوتی ہیں اور یہ کہ رسد اور طلب کی بازار کی قوتوں میں دخل اندازی نہیں کرتی ہیں۔ معنوی طور پر ہر ملک نے مسابقت کے قوانین وضع کیے ہیں۔ ہم جہاں پر کاروبار کرتے ہیں وہاں نافذ مسابقت کے قوانین کو سمجھنا اور حسب ضرورت گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رہنمائی طلب کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔

پوری دنیا کے مسابقت کے قوانین حریفوں کے مابین ایسے معاہدوں کو ممنوع قرار دیتے ہیں جو مسابقت کو نقصان پہنچانے والے اثرات کے حامل ہو سکتے ہیں۔ آزادی تعمیل کی کلید ہے۔ کولگیٹ کو اپنی متعدد کاروباری سرگرمیوں میں آزادانہ طریقے سے کام کرنا چاہیے:

- قیمت کا تعین
- چھوٹ یا پروموشنز
- خرید اور فروخت کی شرائط
- گاہکوں، تقسیم کاروں یا سپلائرز کا انتخاب
- جو مصنوعات تیار کرنی ہیں اور جتنی مقدار میں فروخت کرنی ہیں ان کا انتخاب

یہ یاد رکھنا ضروری ہے کہ کسی غیر قانونی معاہدے کا رسمی دستاویز کی صورت میں ہونا اور تحریری شکل میں ہونا بھی ضروری نہیں ہے۔ یہ زبانی معاہدہ ہو سکتا ہے یا محض کاروباری عمل کی انجام دہی سے یا اتفاق تبصرے سے ماخوذ ہو سکتا ہے۔ معاہدے کو قانونی حیثیت حاصل ہونے کے لیے اس کا کامیابی کے ساتھ نافذ العمل ہونا بھی ضروری نہیں ہے۔

جب حریف حالیہ یا آئندہ کاروباری منصوبوں (جیسے، قیمت میں منصوبہ بند اضافہ، سپلائرز کے ذریعہ عائد کردہ قیمتیں، نئی مصنوع کا آغاز، وغیرہ) کے بارے میں خفیہ یا غیر عوامی معلومات کا اشتراک یا اسے حاصل کریں تو، کمپنیوں کی آزادی متاثر ہو سکتی ہے، اور ایک غیر قانونی معاہدہ اخذ ہو سکتا ہے۔ تجارتی انجمن کے سروے اور میٹنگز کے دوران اس چیز کو ذہن میں رکھنا خاص طور پر اہم ہے۔ عام طور پر، جس کسی میٹنگ میں حریف موجود ہو سکتا ہو اس میں شرکت کرنے سے قبل آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے منظوری حاصل کرنی چاہیے۔ آپ کو حریفوں کے ساتھ کمپنی کی خفیہ معلومات کا اشتراک ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔ اگر آپ کو حریف کے بارے میں ایسی معلومات حاصل ہوتی ہے جو آپ کے یقین کے مطابق خفیہ ہو سکتی ہے تو، آپ کو فوری طور پر گلوبل لیگل آرگنائزیشن کو مطلع کرنا چاہیے۔ آپ کو پہلے لیگل سے منظوری حاصل کیے بغیر اس معلومات کا استعمال یا اشتراک ہرگز نہیں کرنا چاہیے۔

مسابقت کے قوانین غالب کمپنیوں کے ذریعہ لوٹ مار یا غیر منصفانہ افعال سے بھی تحفظ دیتے ہیں تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ مسابقتی کھیل کا میدان کھلا اور منصفانہ ہے۔ جو کارروائیاں غیر غالب کمپنیوں کے ذریعہ اپنائے جانے پر قانونی ہوں گی انہیں غالب کھلاڑیوں کے ذریعہ اپنائے جانے پر غیر قانونی خیال کیا جا سکتا ہے۔ جن ممالک میں کولگیٹ کا بازار میں کافی مضبوط حصہ ہے وہاں، آپ کو اپنے مقامی قانونی نمائندے سے چیک کر کے یقینی بنا لینا چاہیے کہ مخصوص تصور کردہ کارروائیوں (جیسے ایک خصوصی چھوٹ کی پالیسی یا فروخت کرنے سے انکار) کو غالب درجے کا بیجا استعمال خیال نہیں کیا جائے گا۔

مسابقت کے قوانین سپلائرز اور ان کے گاہکوں اور تقسیم کاروں کے بیچ تعلقات پر مخصوص پابندیاں بھی عائد کرتے ہیں۔ بیشتر ممالک میں گاہکوں یا تقسیم کاروں کو قیمتوں یا شرائط و ضوابط کا تعین کرنے کی ان کی آزادی سے محروم کرنے، یا آزادانہ طور پر کام کرنے کے ان کے حق کو محدود کرنے کی کسی کوشش سے مسابقت کے قوانین کی خلاف ورزی ہوتی ہے۔ ہمارے گاہکوں کو یہ تاکید کرنا ضروری ہے کہ ہماری "تجویز کردہ پرچون فروشی (یا باز فروشی) کی قیمتیں" محض ایک تجویز کی حیثیت ہی رکھتی ہیں۔ گاہک جتنی قیمت پر فروخت کرنا چاہیں فروخت کرنے کو ہمیشہ آزاد ہیں۔

مسابقت کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے کے عواقب کافی سنگین ہیں اور ان کا نتیجہ کمپنی کے لیے بھاری جرمانے اور اس میں ملوث افراد کے لیے سزا (بشمول قید) کی شکل میں برآمد ہو سکتا ہے۔ حتی کہ امکانی مسابقت مخالف برتاؤ کی تفتیش کی وجہ سے بھی ساکھ کو زبردست نقصان پہنچ سکتا اور کاروبار میں خلل پڑ سکتا ہے۔

اگر آپ کو اس بابت شبہ ہو کہ آیا تصور کردہ عمل سے مسابقت کے قوانین کے تحت مسائل پیدا ہو سکتے ہیں تو، آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رجوع کرنا چاہیے۔

کولگیٹ کے افراد بین الاقوامی مسابقت پر کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو ourcolgate.com پر کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کے باب 6 میں مل سکتے ہیں۔

**سوال:**

ایک کاروباری رابطہ نے مجھے ایک میٹنگ کے بارے میں بتایا جو دانتوں سے متعلق اجتماع کے دوران ہمارے ایک راست حریف کے ذریعہ منعقد کی جا رہی ہے۔ میں ان کی میٹنگ میں حاضر ہونا چاہتا ہوں، لیکن مجھے خوف ہے کہ اگر انہیں معلوم ہو جائے کہ میرا تعلق ایک حریف کمپنی سے ہے تو وہ مجھے اندر نہیں جانے دیں گے۔ کیا میں اپنی شناخت کو خفیہ رکھ کر حاضر ہو سکتا ہوں؟

**جواب:**

**نہیں۔** حریف کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے واسطے اپنی شناخت کو چھپانا کبھی مناسب نہیں ہوتا ہے۔ آپ کو حریف کے ساتھ کسی میٹنگ میں حاضر ہونے سے قبل گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے بھی رجوع کرنا چاہیے، کیونکہ اس طرح کی میٹنگز مانع ارتکاز معیشت کی تشاویش پیدا کر سکتی ہیں۔

## ہم تمسکات کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں

بسا اوقات آپ کی رسائی کولگیٹ یا عوامی طور پر تجارت کرنے والی ان دیگر کمپنیوں کے بارے میں جن کے ساتھ کولگیٹ کاروبار کرتا ہے ایسی معلومات تک ہو سکتی ہے جو عوام کو معلوم نہیں ("غیر عوامی") — جیسے مالی یا عمل آوری کے نتائج، ممکنہ انضمام یا اکتسابات، مراجعت یا مالیہ کاری، مارکیٹنگ کے منصوبے یا نئی مصنوع کا تعارف۔

معلومات کو اس وقت تک غیر عوامی مانا جاتا ہے جب تک عوام کے سامنے معقول طور پر اس کا افشاء نہ ہو جائے - دوسرے لفظوں میں، معلومات کے وسیع پیمانے پر عام ہو جانے اور تمسکات کے بازار کو اس معلومات پر ردعمل کرنے کے لیے کافی وقت گزر جانے تک۔ اگر اس غیر عوامی معلومات کو " اہم " مانا جا سکتا ہو — مطلب یہ کہ، کوئی ہوشیار سرمایہ کار سرمایہ کاری کا فیصلہ کرتے وقت اس معلومات کو زیر غور لائے گا — تو پھر آپ کو درج ذیل تمسکات کے قوانین اور کمپنی کی پالیسی پر عمل کرنا چاہیے:

- آپ کو خود اپنے اکاؤنٹ کے لیے یا کسی دوسرے فرد کے اکاؤنٹ کے لیے اس فرم (کولگیٹ یا دیگر) کے اسٹاکس، بونڈز یا دیگر تمسکات میں تجارت نہیں کرنی چاہیے جس سے اس اہم غیر عوامی معلومات کا تعلق ہے؛
- آپ کو اس طرح کی غیر عوامی معلومات کی بنا پر، دوسروں کو ایسی فرموں کے اسٹاکس، بونڈز یا دیگر تمسکات میں لین دین کرنے کی ترغیب یا تحریص نہیں دینی چاہیے؛
- آپ کو اس طرح کی غیر عوامی معلومات کا ا فشاء کولگیٹ سے باہر کے افراد پر نہیں کرنا چاہیے؛ اور
- آپ کو کولگیٹ سے باہر کے افراد کے ساتھ اس طرح کی معلومات پر گفتگو نہیں کرنی چاہیے الّا یہ کہ ایسی معلومات کا جاننا ان کے لیے ضروری ہو۔

دوسرے لفظوں میں، آپ کولگیٹ میں اپنی ملازمت کے ذریعہ اپنے علم میں آنے والی کسی بھی غیر عوامی معلومات کو کسی تمسکات یا سرمایہ کاری کے لین دین میں خود کو یا دوسروں کو فائدہ پہنچانے کے لیے استعمال نہیں کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو کولگیٹ میں آپ کے کام کی معرفت کسی غیر عوامی معلومات کا علم ہوتا ہے تو، آپ کو وہ معلومات خفیہ رکھنے کا خیال رکھنا چاہیے، اور آپ کو کولگیٹ یا کسی دیگر متاثرہ کمپنیوں کے تمسکات میں کوئی تجارت تب تک نہیں کرنی چاہیے (یا کسی اور کو کوئی تجارت کرنے کا مشورہ نہیں دینا چاہیے) جب تک عوام کے سامنے اس معلومات کا اعلان کیے جانے کے بعد سے ایک معقول عرصہ نہ گزر جائے۔ اس ممانعت میں اسٹاک آپشنز کو بروئے کار لانا اور کمپنی کے مراعاتی منصوبوں کے ذریعہ کولگیٹ کے اسٹاک میں سرمایہ لگانے یا سرمایہ نکالنے کے فیصلے شامل ہیں۔

غیر عوامی معلومات کی رازداری برقرار رکھنے کی آپ کی جوابدہی کولگیٹ کے ساتھ آپ کی ملازمت کے بعد تب تک برقرار رہتی ہے جب تک عوام کے سامنے اس معلومات کا معقول طریقے سے افشاء نہ کر دیا جائے۔

اگر اس بابت آپ کا سوال ہے کہ آیا معلومات "اہم" ہے یا عوام کے سامنے معقول طور پر اس کا افشاء ہو گیا ہے تو، آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رابطہ کرنا چاہیے اور متاثرہ تمسکات میں تجارت کرنے یا معلومات کا افشاء کرنے سے تب تک باز رہنا چاہیے جب تک آپ کو لیگل سے منظوری نہ مل جائے۔

**سوال:**

مجھے پتہ ہے کہ میں راز کی معلومات کی بنا پر کمپنی کا اسٹاک خرید یا بیچ نہیں سکتا ہوں، لیکن کیا میں اپنے کنبہ کے کسی رکن یا دوست کو ایسا کرنے کی رائے دے سکتا ہوں؟

**جواب:**

**نہیں۔** آپ راز کی معلومات پر تجارت کرنے کے قوانین کی خلاف ورزی کریں گے بالکل ایسے ہی گویا آپ خود اسٹاک خرید رہے ہیں۔ اس کے علاوہ، جس شخص کو آپ نے مشورہ دیا وہ بھی قانون کی خلاف ورزی کر رہا ہو سکتا ہے اگر اسے یہ معلوم تھا کہ آپ کی تجویز راز کی معلومات پر مبنی تھی۔

## ہم رشوت مخالف قوانین کی تعمیل کرتے ہیں

حکومتوں کے ساتھ قانونی طور پر اور اخلاق انداز میں معاملہ کرنے کی کولگیٹ کی عہد بستگی کا اطلاق پوری دنیا میں ہوتا ہے۔ کمپنی کی پالیسی نیز یو ایس فارن کرپٹ پریکٹسز ایکٹ ("FCPA") اور دنیا بھر کے اس سے ملتے جلتے رشوت مخالف قوانین ہمارے لوگوں یا ہمارے کاروبار کے سلسلے میں ہماری جانب سے کام کرنے والے کسی بھی شخص کو کاروباری لین دین یا کسی سرکاری فعل یا فیصلے پر اثر انداز ہونے کے واسطے کسی سرکاری اہلکار کو بلا واسطہ یا بالواسطہ مالیت والی کوئی بھی چیز دینے یا پیش کرنے کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔

کمپنی کی پالیسی اور مخصوص قابل اطلاق قوانین کسی سرکاری خدمت یا کام کو تیز گام بنانے کے واسطے سرکاری اہلکاروں کو، بلا واسطہ یا بالواسطہ کی گئی کسی سہولت رسانی والی یا "خوشامدانہ" ادائیگیوں کو بھی ممنوع قرار دیتے ہیں (مثلاً، کولگیٹ کی درخواست کو قطار میں آگے پہنچانے کے لیے یا جتنے عرصے میں کوئی خدمات یا دیگر کارروائیاں فراہم کی جاتی ہیں اس عرصے کو مختصر کرنے کے لیے، کسی اہلکار کو کی گئی معمولی ادائیگیاں)۔ حکومت کی جاری کردہ رسیدوں سے تائید یافتہ کوئی سرکاری فیس نامناسب ادائیگیوں کے زمرے میں نہیں آتی ہے۔

یہ یقینی بنانے کے لیے کہ آپ بلا واسطہ طور پر یا تیسرے فریق کی معرفت، اس معیار کی خلاف ورزی نہیں کرتے ہیں، کمپنی کی یہ پالیسی ہے کہ ایک سرکاری رسید سے تائید یافتہ قانونی طور پر لازم قرار دی گئی فیس (مثلاً پرمٹ یا لائسنس فیس) کو چھوڑ کر، کوئی بھی ادائیگی، تفریح، سفر، تحائف یا مالیت والے دیگر آئٹمز، رقم کی مالیت سے قطع نظر، سرکاری اہلکاروں کو فراہم یا پیش نہیں کیے جا سکتے ہیں، الّا یہ کہ گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے تحریری شکل میں پیشگی طور پر منظور شدہ ہو۔

کولگیٹ کے افراد سرکاری اہلکاروں اور حکومتوں سے تعلق رکھنے والے اخراجات پر گلوبل پالیسی اور متعلقہ منظوری فارم سے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

یہ جان لینا ضروری ہے کہ "سرکاری اہلکاران" کی اصطلاح کی وسیع پیمانے پر تعریف کی گئی ہے اور اس میں ایسے افراد شامل ہیں جو کسی سرکاری یا ریاست سے الحاق یافتہ ادارے یا تنظیم کے ملازم ہوں یا جو کل وقتی، جز وقتی یا بلامعاوضہ، کسی بھی طریقے سے کسی سرکاری حیثیت میں کام کرتے ہیں۔ سرکاری اہلکاران حکومت اور عوامی زندگی کی ہر شاخ میں اور ہر سطح پر مل سکتے ہیں اور اس میں ادنی سطح کے کسٹمز کے ملازمین سے لے کر اعلی درجے کے قانون ساز، نیز پروفیسرز اور اساتذہ، معالج دندان، مویشیوں کے معالج یا دیگر پیشہ ور افراد اور کلیدی فکری قائدین اور ریاست کی زیر ملکیت میڈیا آؤٹ لیٹس کے ملازمین، شامل ہو سکتے ہیں۔ اگر اس ضمن میں آپ کو شبہ ہے کہ آیا ایک فرد کو سرکاری اہلکار خیال جا سکتا ہے تو آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رابطہ کرنا چاہیے۔

سرکاری ملازمین کے ساتھ معاملات اور مواصلات میں ہمیشہ براہ راست اور ایماندار رہیں۔ سرکاری ملازمین کے سامنے (زبانی یا تحریری) کوئی بھی جان بوجھ کر یا عمداً غلط بیانی آپ اور کمپنی دونوں ہی کو اچھے خاصے جرمانوں کی زد میں لا سکتے ہیں۔

اگر کولگیٹ کا کوئی شخص یا ایجنٹ قانون سازی یا دیگر مخصوص سرکاری افعال پر اثر انداز ہونے کے مقصد سے کسی سرکاری ملازم کے ساتھ مواصلات کرتا ہے تو لابی سازی کے مخصوص قوانین کمپنی اور/یا اس کے ملازمین یا تیسرے فریقوں سے لابی ساز کی حیثت سے رجسٹر ہونے اور اس کی اطلاع دینے کا تقاضا کرتے ہیں۔ اگر آپ ایسی کسی سرگرمی میں شامل ہو رہے ہیں یا شامل ہونے کے منصوبے رکھتے ہیں، چاہے بلا واسطہ یا تیسرے فریق کی معرفت تو، آپ کو متعلقہ تقاضوں اور اگلے اقدامات کا تعین کرنے کے لیے گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رابطہ کرنا چاہیے۔

**سوال:**

میں سمجھتا ہوں کہ ایسے قوانین موجود ہیں جو سرکاری اہلکاروں کو رشوت دینا ممنوع قرار دیتے ہیں۔ لیکن کیا قانون ایسے لوگوں کو بھی رشوت دینا ممنوع قرار دیتا ہے جو سرکاری اہلکار نہیں ہیں؟

**جواب:**

**ہاں۔** ایسے رشوت ستانی مخالف قوانین موجود ہیں جو نجی تجارتی فریقوں کے بیچ رشوت ستانی، یعنی تجارتی رشوت ستانی کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔ یہ قوانین بھی اتنے ہی اہم ہیں – اور سختی سے لاگو کیے جاتے ہیں – جس طرح سرکاری اہلکاروں اور ملازمین کو رشوت ستانی ممنوع قرار دینے والے قوانین ہیں۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ کمپنی کی پالیسی اور مقامی قانون کمپنی کے کاروبار کی انجام دہی میں کسی کو بھی رشوت ستانی ممنوع قرار دیتا ہے چاہے وہ سرکاری اہلکار ہو یا نجی شخص ہو۔

سرکاری اہلکاروں کو رشوت ستانی کو ممنوع قرار دینے کے علاوہ، کمپنی کی پالیسی اور متعلقہ قوانین نجی فریقوں کو بھی رشوت ستانی کو ممنوع قرار دیتے ہیں۔ آپ جس کسی خارجی فریق کے ساتھ کمپنی کا کاروبار انجام دیتے ہیں تو، اس سے تحائف، ادائیگیاں یا دیگر مراعات کا وعدہ کر کے، یا کسی دیگر غیر قانونی ترغیب کے ذریعہ آپ کو اس کی قوت فیصلہ یا برتاؤ پر اثر انداز ہونے کا خواہاں نہیں ہونا چاہیے۔

کولگیٹ کے افراد سرکاری اداروں کے ساتھ کاروباری تعلقات پر کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو ourcolgate.com پر کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کے باب 10 میں مل سکتے ہیں۔

### ہم بین الاقوامی تجارتی ضوابط کی تعمیل کرتے ہیں

کمپنی بین الاقوامی تجارت پر نافذ سبھی قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کرتی ہے اور اسے متعلقہ امریکی تجارتی ضوابط کی بھی تعمیل کرنی چاہیے اس بات سے قطع نظر کہ ہم دنیا میں کہاں پر کام کرتے ہیں۔

تجارتی پابندی کے قوانین درآمدات اور برآمدات کو منضبط کرتے ہیں اور کمپنی کے لیے مخصوص ممالک یا مخصوص افراد یا اداروں کے ساتھ تجارت کرنے کو ممنوع قرار دے سکتے ہیں۔ کسی تیسرے فریق (وینڈر، گاہک، وغیرہ) سے معاہدہ کرنے سے پہلے، امریکی حکومت کی تیار کردہ "پابند فریقوں" کی دو فہرستیں سامنے رکھ کر اس تیسرے فریق کو چیک کرنا چاہیے تاکہ یہ یقینی ہو جائے کہ کمپنی لین دین آگے بڑھانے کے لیے آزاد ہے۔

کمپنی کے لیے ایسے غیر ملکی بائیکاٹ میں شرکت کرنے کو ممنوع قرار دیا گیا ہے جو امریکہ سے منظور شدہ نہیں ہیں اور اس سے ایسے بائیکاٹ کے تعلق سے کسی بھی درخواستوں کی بروقت اطلاع دینے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ ایسی کسی بھی درخواستوں کو مناسب طریقے سے نمٹانے کے لیے اس کی اطلاع فوری طور پر گلوبل لیگل آرگنائزیشن کو دینی چاہیے۔

کولگیٹ کے افراد بین الاقوامی کاروباری سرگرمیاں پر کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو ourcolgate.com پر کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کے باب 9 میں مل سکتے ہیں۔

### ہم ڈیٹا کی رازداری اور ڈیٹا کے تحفظ کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں

کولگیٹ اپنے ملازمین، صارفین، گاہکوں، سپلائرز اور ان دیگر تیسرے فریقوں کی رازداری کا احترام کرتا ہے جن کے ساتھ کولگیٹ کا کاروباری تعلق ہے اور اسی وجہ سے، ہم ذاتی ڈیٹا کو ذمہ دارانہ انداز میں اور ڈیٹا کی رازداری اور ڈیٹا کے تحفظ کے سبھی قابل اطلاق قوانین کے مطابق نمٹاتے ہیں۔

کولگیٹ کے ساتھ اپنی ملازمت کے حصے کے طور پر، ملازمین کمپنی کو مخصوص ذاتی معلومات جیسے گھر اور ای میل کے پتے، مراعات کے مقاصد کے تحت کنبہ کی معلومات اور دیگر نجی معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔

اسی طرح، ہمارے گاہک، مصنوع کی معلومات کے لیے درخواستوں یا کمپنی کے زیر کفالت مقابلوں میں شرکت کے ذریعے، کمپنی کو ذاتی معلومات جیسے نام، اسٹریٹ کے پتے اور ای میل پتے فراہم کر سکتے ہیں۔

کولگیٹ کے ساتھ کاروباری تعلقات کی انجام دہی کے دوران، گاہک، سپلائرز اور دیگر تیسرے فریق کمپنی کو ذاتی معلومات، جیسے نام، ٹیلیفون نمبرز، فیکس نمبرز، اسٹریٹ کے پتے، ای میل پتے اور کریڈٹ کارڈ کی معلومات فراہم کر سکتے ہیں۔

ان تمام معلومات کے سلسلے میں، کولگیٹ کی پالیسی یہ ہے کہ:

- ذاتی ڈیٹا کو صرف اسی مقصد کے لیے اکٹھا کیا، اس پر کارروائی کی، اس کااستعمال کیا اور اسے رکھا جائے جس کے تحت یہ ہمیں فراہم کیا گیا تھا، الّا یہ کہ ہم نے دوسرے استعمال کے لیے منظوری حاصل کر لی ہو، اور حسب ضرورت ریکارڈ رکھنے کے ہمارے مقاصد کے لیے؛
- غیر مجاز افشاء یا استعمال کو روکنے کے لیے ذاتی ڈیٹا کی نگہبانی کرنے کے لیے سبھی معقول اقدامات کیے جائیں؛
- ہمارے جو خدمت فراہم کنندگان ہمارے کاروبار کا نظم کرنے میں ہماری اعانت کرتے ہیں ان کے علاوہ تیسرے فریقوں کے ساتھ ذاتی ڈیٹا کا اشتراک نہ کیا جائے اور پھر، صرف اس صورت میں کہ اس فریق نے ہماری رازداری کے معیارات اور رازداری کے سبھی قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کرنے پر اتفاق کیا ہو؛
- رازداری کے سبھی قابل اطلاق قوانین کی تعمیل کریں۔

ڈیٹا کی رازداری اور ڈیٹا کے تحفظ کے سلسلے میں قوانین اکثر ہی تیار کیے جاتے ہیں اور ان میں ترمیم کی جاتی ہے۔ ہم ڈیٹا کی رازداری اور ڈیٹا کے تحفظ کے ارتقاء پذیر قوانین پر نگاہ رکھنے کے پابند عہد ہیں، اور وقتاً فوقتاً، ان کی روشنی میں مخصوص پالیسیاں تیار کر سکتے ہیں۔

کولگیٹ کے افراد ڈیٹا کی رازداری اور ڈیٹا کا تحفظ پر کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو ourcolgate.com پر کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کے باب 11 میں مل سکتے ہیں۔

### ہم ریکارڈز سنبھالے رکھنے کے قوانین کی تعمیل کرتے ہیں

دنیا بھر کے بہت سارے قوانین کا تقاضا ہے کہ کولگیٹ مخصوص قسم کے ریکارڈز (بشمول کاغذی دستاویزات اور الیکٹرانک ڈیٹا) کو مخصوص عرصے تک سنبھال کر رکھے۔ ان تقاضوں کی تعمیل نہ کر پانا کمپنی کو ٹھیک ٹھاک جرمانوں اور دیگر ہرجانوں کا مستوجب بنا سکتا ہے۔ کولگیٹ ریکارڈز کے نظم و نسق کے ایسے پروگرام کا پابند عہد ہے جو سبھی قابل اطلاق قانونی و انضباطی تقاضوں پر پورا اترتا ہو، ہمارے کاروبار کی معلومات کو سنبھالے رکھنے کی ضروریات کی تکمیل کرتا ہو، اور یقینی بناتا ہو کہ فرسودہ اور غیر ضروری ریکارڈز اور دوسری دستاویزات کو مناسب طریقے سے ضائع کر دیا جائے۔

آپ سے قانون کے تقاضے کے مطابق کسی قانونی کارروائی، تفتیش یا عدالتی کارروائی میں متعلقہ اور لازمی معلومات یا دستاویزات کا افشاء کرنے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ کمپنی کی معلومات یا دستاویزات کے افشاء کا مطالبہ کرنے والا کوئی پروانۂ طلبی، عدالتی فرمان یا دیگر قانونی کارروائی کے موصول ہونے پر، آپ سے قانون کے ذریعہ مجاز حد تک، گلوبل لیگل آرگنائزیشن کو مطلع کرنے کا مطالبہ کیا جاتا ہے۔

ایسی صورت میں، ریکارڈ سنبھالے رکھنے کے پروگرام کے تقاضوں سے قطع نظر، آپ کو گلوبل لیگل آرگنائزیشن کے ذریعہ فراہم کردہ سبھی ہدایات پر عمل کرنا اور وہ سبھی ریکارڈ سنبھال کر رکھنا چاہیے جو پروانۂ طلبی، چارہ جوئی یا تفتیش کے لیے موافق یا اس سے متعلق ہو سکتے ہوں۔ آپ کو اس طرح کے ریکارڈز ضائع یا ان میں ہیر پھیر نہیں کرنا چاہیے، کیونکہ ریکارڈز کی نامناسب تلفی سے آپ اور کمپنی دونوں ہی کے لیے سنگین عواقب - بشمول دیوانی اور/یا تعزیری جرمانے اور ملازمت سے متعلقہ نتائج برآمد ہو سکتے ہیں۔

اگر کسی ریکارڈ کے ضمن میں آپ کا سوال ہے کہ آیا یہ کسی تفتیش ، چارہ جوئی یا پروانۂ طلبی سے متعلق ہے تو، زیر بحث ریکارڈ کو ضائع کرنے سے پہلے گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رابطہ کریں۔ کولگیٹ کے افراد "ریکارڈز کے نظم و نسق کے پروگرام کی پالیسی" سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔

**سوال:**

مجھے کتنے عرصہ تک کمپنی کے ریکارڈز کو سنبھال کر رکھنا چاہیے اور کب میں انہیں ضائع کر سکتا ہوں، اس کا تعین میں کیسے کروں؟

**جواب:**

براہ کرم OurColgate.com > C-P Sites > The Global Legal Organization and Regulatory > Records Management Program پر کمپنی کی ریکارڈز کے نظم و نسق کی سائٹ سے رجوع کریں یا اپنے مقامی ریکارڈز کوآرڈینیٹر سے (حسب اطلاق) رابطہ کریں۔

## ہم سیاسی تعاون نہیں کرتے ہیں

کمپنی کا کوئی بھی سرمایہ یا اثاثہ کسی بھی ملک میں کسی سیاسی پارٹی یا امیدوار سے، حکومت کی کسی بھی سطح پر، تعاون کے لیے استعمال نہیں کیا جا سکتا ہے۔ سیاسی تعاون میں براہ راست (مالی) اور غیر مالی دونوں ہی تعاون شامل ہیں۔ غیر سیاسی تعاون میں چندہ وصولی کی ٹکٹوں کی خریداری، مصنوعات کا عطیہ، معمول کے کاروباری اوقات میں کولگیٹ کے افراد کے ذریعہ رضاکارانہ کام اور چندہ وصولی یا سیاسی مقاصد کے لیے کولگیٹ کی سہولیات کا استعمال کرنا شامل ہے۔ اگر کسی تصور کردہ سیاسی تعاون کے سلسلے میں آپ کے سوالات ہیں تو، براہ کرم گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رابطہ کریں۔

کمپنی (بشمول خارجی لابی سازوں یا دیگر تیسرے فریقوں) کے ساتھ وابستہ کولگیٹ کے کسی شخص یا فرد کو سیاسی تعاون کی خاطر، بلا واسطہ یا بالواسطہ، کسی بھی شکل میں معاوضہ دینے یا باز ادائیگی کرنے سے کمپنی کو منع کیا گیا ہے۔

کولگیٹ کے افراد انفرادی طور پر اپنی پسند کے امیدواروں یا پارٹیوں کے ساتھ ذاتی تعاون کرنے کے لیے بدستور آزاد ہیں۔ انفرادی تعاون کسی ایک شخص کی ذمہ داری یا اس کا بار ہے اور کسی بھی طرح سے کولگیٹ یا اس کی کسی مصروف عمل کمپنی کی اعانت کرنے کے ارادے سے ہرگز بھی نہ کیا جائے۔

بیشتر کثیر ملکی کمپنیوں کی طرح، کولگیٹ کا تعلق کئی ایک تجارتی و صنعتی انجمنوں سے ہے اور وہ سالانہ واجبات ادا کرتی ہے۔ اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کہ یہ تجارتی انجمنیں کولگیٹ کے واجبات کا کوئی بھی حصہ سیاسی تعاون کے لیے استعمال نہیں کرتی ہیں، کولگیٹ کے چیف ایتھکس اینڈ کمپلائنس آفیسر ریاستہائے متحدہ کی ان سبھی تجارتی انجمنوں کو جن میں کولگیٹ ایک ادائیگی کنندہ رکن ہے ہماری پالیسی کی ایک یاد دہانی سالانہ بنیادوں پر بھیجتا ہے اور کولگیٹ کے سرمایے کی ایک تعریف کردہ کم از کم رقم حاصل کرنے والی سبھی تجارتی انجمنوں سے سالانہ استناد کی کارروائی میں شرکت کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے، براہ کرم ہماری سیاسی تعاون کی پالیسی سے رجوع کریں، جو colgatepalmolive.com کے "ہماری کمپنی" والے سیکشن میں مل سکتی ہے۔

# معاشرے کے ساتھ ہمارا تعلق



کمپنی عالمی معاشرے کا ایک معاون رکن بننے کی جدوجہد کرتی ہے۔

کولگیٹ میں، ہم دہنی صحت، ذاتی نگہداشت، گھریلو نگہداشت اور پالتو جانوروں کے تغذیہ کے شعبے میں اپنی مہارت کو دنیا بھر کے معاشروں میں صحت اور بہبود کے فروغ اور ملتے جلتے اہداف والی رفاہی تنظیموں کی مدد کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ ہم ہر اس مقامی علاقے کے شہری ہیں جہاں ہم کام کرتے ہیں اور دستیاب صاف پانی کی کمی، دہنی نگہداشت تک رسائی اور قابل انسداد امراض کے پھیلاؤ سمیت صحت کے اہم مسائل کا ازالہ کر رہے ہیں۔

### ہم مقامی طور پر عطیات دینے اور رضاکارانہ خدمت کی انجام دہی میں شرکت کرتے ہیں

پوری دنیا میں ہمارا ہدف مقامی معاشرے کی ترقی اور بہبود میں بڑھوتری لانے والے پروجیکٹوں میں حصہ لینا ہے۔ اس طرح کے پروجیکٹوں میں، قومی سطح کی تباہی کے وقت رفاہی محرکات میں شرکت کرنا اور غریبوں، زخمیوں اور بے گھر افراد کی مدد کی ذمہ داری لینا شامل ہیں۔ ہماری بنیادی توجہ نوعمر افراد پر، خاص کر نوعمر افراد کی تعلیم پر ہے۔ کولگیٹ کا ماننا ہے کہ آج بچوں کے اوپر کی گئی سرمایہ کاری سے کل ہم سبھی کو فائدہ ہو گا۔ اسی وجہ سے کمپنی پوری دنیا میں خواندگی پروگراموں، ناصحانہ پیشقدمیوں، ایتھلیٹک مقابلوں اور نوجوانوں کی دیگر سرگرمیوں کی کفالت کرتی ہے۔ یہ کوششیں نوجوانوں میں مقابلہ اور حصولیابی کا ایک جذبہ پروان چڑھاتی ہیں۔

کمپنی اپنے لوگوں کو اپنی پسند کی مقامی رفاہی سرگرمیوں میں خود اپنے وقت کے لحاظ سے شرکت کرنے کی بھی ترغیب دیتی ہے۔

ہمارا برائٹ اسمائل برائٹ فیوچر پروگرام جن معاشروں میں ہم رہتے اور کام کرتے ہیں ان میں کولگیٹ کو ایک اہم اثر مرتب کرنے کا اہل بناتا ہے۔

| سوال: | جواب: |
| --- | --- |
| کیا میں ایک مقامی سیاسی مہم میں رضاکارانہ خدمت کے لیے اپنا وقت دے سکتا ہوں؟ | **ہاں۔** تاہم، یہ ضروری ہے کہ آپ کی سیاسی سرگرمیاں جائے کار سے علیحدہ رہیں۔ کمپنی سیاسی تعاون نہیں کرتی ہے اور ان ذاتی سرگرمیوں میں کمپنی کے فراہم کردہ کسی بھی وسائل (بشمول کام کے اوقات یا کمپنی کا نام) کا استعمال نہیں کیا جانا چاہیے۔ |

### ہم اپنے کاروبار پر اثر انداز ہونے والے امور پر حکومتوں کے ساتھ کام کرتے ہیں

ہماری کمپنی 200 سے زائد ممالک اور خطوں میں کاروبار کرتی ہے۔ ہماری یہ پالیسی ہے کہ مقامی اور ملکی حکومتوں کے ساتھ باہمی تعاون کے انداز میں کام کیا جائے۔ وقتاً فوقتاً ہمارے کاموں کو متاثر کرنے والے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔ محتاط طریقے سے غور و خوض کرنے کے بعد، کمپنی ہمارے کاروباری اہداف اور ضروریات میں مدد کے لیے مخصوص امور پر حکومتوں کو آراء اور تجاویز پیش کر سکتی ہے۔ تاہم، پہلے آپ کے مینیجر اور گلوبل لیگل آرگنائزیشن سے رجوع کیے بغیر یہ کام ہرگز نہیں ہونا چاہیے۔

### ہم استحصالی، غیر انسانی مزدوری کے طرز عمل کی مخالفت کرتے ہیں

کولگیٹ بچہ مزدوری کے غیر قانونی استعمال، انسانوں کے استحصال اور کارکنان کے ساتھ ناقابل قبول برتاؤ کی دیگر سبھی قسموں کی مخالف کرتی ہے۔ اس کے علاوہ، کولگیٹ کی یہ پالیسی ہے کہ کسی بھی ایسے سپلائر یا ٹھیکیدار کے ساتھ کام نہ کیا جائے جس کے بارے میں مزدوری کے غیر انسانی طرز عمل، بشمول استحصال، جسمانی سزا، بدسلوکی، غیر رضاکارانہ غلامی یا بدسلوکی کی دیگر شکلیں استعمال کرنے کا علم ہو۔ کولگیٹ مزدوری کے دیگر قوانین کی خلاف ورزی کو برداشت نہیں کرتا ہے اور اگر کوئی بھی خلاف ورزی کمپنی کے علم میں آتی ہے تو، اسے کاروباری تعلقات منقطع کرنے کی بنیاد خیال کیا جائے گا۔

### ہم عالمگیر انسانی حقوق کے تئیں اپنی عہد بستگی کا اظہار کرتے ہیں

کولگیٹ دنیا بھر میں انسانی حقوق اور مزدور کے حقوق کا احترام کرنے کی طویل عرصے سے پابند عہد ہے اور اقوام متحدہ کے انسانی حقوق کے عالمی منشور کی تائید کرتی ہے۔ کولگیٹ گلوبل سلّیوان پرنسپلز کا بانی رکن بھی تھی۔ اس ضمن میں، کولگیٹ درج ذیل معیارات کا استعمال کرتی ہے اور انہیں فروغ دینے والے کاروباری شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے کی خواہاں ہے:

- نسل، رنگ، مذہب، صنف، صنفی شناخت، قومی نژاد، نسلی پس منظر، عمر، جنسی رجحان، معذوری، ازداوجی حیثیت، فوجی حیثیت یا قانون کے ذریعہ تحفظ یافتہ کسی دیگر صفت سے قطع نظر سبھی سطحوں پر سبھی ملازمین کے لیے مساوی موقع؛

- ایک محفوظ اور صحتمند جائے کار جو بہبود کو فروغ دیتی ہو اور ماحولیات کا تحفظ کرتی ہو؛

- ایسی اجرتیں جو ملازمین کو کم از کم اپنی بنیادی ضرورتیں پوری کرنے پر قادر بنائیں، اور ملازمین کے لیے ہنر اور صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے مواقع؛ اور

- ایسوسی ایشن بنانے کی ملازمین کی قانونی آزادی کا احترام اور منظم ہونے اور اجتماعی سودے کاری کے سبھی قانونی حقوق کو تسلیم کرنا۔



# ماحول

## کے ساتھ ہمارا تعلق

ایک صاف تر اور صحتمند تر ماحول کولگیٹ کے لیے صرف اس وجہ سے اہم نہیں ہے کہ یہ کرنے کے لائق صحیح کام ہے بلکہ اس وجہ سے بھی اہم ہے کہ اس سے اچھا کاروباری شعور پیدا ہوتا ہے۔ اپنے کرّہ زمین کے محدود وسائل کو سنبھال کر رکھنے اور آنے والی نسلوں کے لیے اپنے کرّہ ارض کی بہبود کو برقرار رکھنے میں مدد کے لیے ہم اپنے حصے کا کام کرنے کے پابند عہد ہیں۔

### ہم پائیداری اور سماجی ذمہ داری کے پابند عہد ہیں

کولگیٹ میں، ہم پائیداری کے تئیں وہی تیز فوکس سامنے لاتے ہیں جو ہم اپنے کاروبار کے سبھی پہلوؤں پر لاگو کرتے ہیں۔ کولگیٹ نے ہمیشہ پائیداری کے اصولوں کی تائید کی ہے، اور ہماری بنیادی اقدار - خیال رکھنا، گلوبل ٹیم ورک اور مسلسل اصلاح - پائیداری کی ہماری کوششوں کی رہنمائی کرتی ہیں۔ ہمارا فوکس بدستور افراد، کارکردگی اور کرّہ زمین پر ہے۔

اس کے علاوہ، ہم یہ یقینی بنانے کے لیے اپنا عالمی پائیداری کا مقصد حاصل کرنے کے پابند عہد ہیں کہ کولگیٹ کا کاروبار مستقل طور پر اور ذمہ دارانہ انداز میں نمو پاتا رہے اور ملازمین، ہمارے حصص برداران، ہمارے صارفین، ہمارے گاہک اور عالمی سطح پر دیگر مستفیدین سمیت، ہم جن کی خدمت انجام دیتے ہیں انہیں فائدہ ہو، جبکہ ساتھ ہی ساتھ آئندہ نسل کی بہبود کو بھی فروغ دیں۔

گذشتہ چند سالوں میں پائیداری اور سماجی ذمہ داری کے تئیں ہماری عہد بستگی بڑھ گئی ہے کیونکہ ہم نے ان پیشقدمیوں کو اپنے کاروباری اعمال میں مدغم کر دیا ہے۔ اس مدغم طریقے نے ہماری پائیداری اور سماجی ذمہ داری کی پیشقدمیوں اور ہماری کاروباری کارکردگی کو استحکام بخشا ہے، جو بہترین لیاقت والی افرادی قوت کو بھرتی کرنے اور اسے برقرار رکھنے میں ہماری مدد کر رہا ہے، ہمارے مستفیدین کے ساتھ ہمارا تعاون افزوں کر رہا ہے، اور اختراع کے نئے مواقع پیش کر رہا ہے۔ شاید سب سے اہم طور پر، اس عہد بستگی نے پوری دنیا میں کولگیٹ کے افراد کو پرجوش اور مصروف عمل کر دیا ہے۔

کمپنی کے پائیداری کے پروگرام اور پیشقدمیوں کے سلسلے میں اضافی معلومات کے لیے، براہ کرم colgatepalmolive.com پر "پائیداری: دنیا کو مسکرانے کا بہانہ دینا" والے سیکشن سے رجوع کریں۔

### ہم کرّہ زمین کی نگہبانی اور تحفظ کرتے ہیں

کمپنی کرّہ زمین کے محدود وسائل کو محفوظ کرنے اور سنبھال کر رکھنے میں مدد کے لیے اپنے حصے کا کام کرنے کی پابند عہد ہے۔ کرّہ زمین سے متعلقہ ہماری عہد بستگی کا دائرہ توانائی کے ہمارے استعمال، کاربن کے اخراج، پانی کے استعمال اور کچرے کو ٹھکانے لگانے تک پھیلا ہوا ہے۔ اسی وجہ سے، ہم سبھی کو قابل اطلاق ماحولیاتی قوانین و ضوابط اور وہ جن عوامی پالیسیوں کی نمائندگی کرتے ہیں، ان کی کلی طور پر اور سختی سے تعمیل کرنی چاہیے۔

ہم عوام کے ساتھ کھلم کھلا مواصلات کو فروغ دیتے ہیں اور جن معاشروں میں ہم کام کرتے ہیں ان کے ساتھ ایک فعال اور بارآور شراکت برقرار رکھتے ہیں۔ ہم اپنی ماحولیاتی حکمت عملی اور پروگراموں کے بارے میں صارفین کے ساتھ معلومات کا اشتراک کرنا اور معاشرے کے قائدین اور ہماری عہد بستگی کا اشتراک کرنے والے دوسرے لوگوں کے ساتھ کام کرنا جاری رکھیں گے۔

ہمارے ماحولیاتی نقش پا کو کم کرنے کے لیے ہماری رواں حکمت عملی ہماری مصنوعات کی تیاری، پیکیجنگ، تقسیم اور مارکیٹنگ کا بدستور ایک لازمی حصہ رہے گی۔

کولگیٹ کے افراد "ماحولیات، پیشہ ورانہ صحت اور سلامتی کی پالیسی کا بیان" پر کمپنی کے رہنما خطوط سے رجوع کر کے اضافی معلومات حاصل کر سکتے ہیں، جو ourcolgate.com پر کمپنی کے کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کے باب 18 میں مل سکتے ہیں۔




# حصص برداروں کے ساتھ ہمارا تعلق

ہم اپنے حصص برداروں کے بہترین مفادات میں کام کرنے اور حصص بردار کی قدر افزائی میں مدد کرنے کی جدوجہد کرتے ہیں۔

### ہم حصص برداروں کی قدر کے تحفظ کے لیے اچھی کارپوریٹ نگرانی برقرار رکھتے ہیں

کمپنی کی کارپوریٹ نگرانی کی پالیسیاں اور پروگرام، جن میں یہ ضابطۂ اخلاق ایک کلیدی جزو ہے، حصص بردار کے ایک اہم محافظ کا کام کرتے ہیں۔ حالیہ سالوں میں کانگریس، SEC، نیو یارک اسٹاک ایکسچینج، اور دنیا بھر کے دیگر انضباط کاروں اور حکام کے ذریعہ بہت سارے چیکس اور بیلنسز رو بہ عمل لائے گئے ہیں تاکہ اس اخلاق کارپوریٹ رویہ کو فروغ دیا جائے جو کولگیٹ میں سالوں سے معیاری طرز عمل رہا ہے۔ خود مختار ڈائریکٹرز کی ایک اچھی خاصی اکثریت اور آڈٹ، معاوضہ و نگرانی کے امور پر نگاہ رکھنے والی خود مختار کمیٹیوں پر مشتمل ایک خود مختار بورڈ کے ذریعہ ہمارے سبھی حصص برداروں کی اچھی خدمت انجام دی جاتی ہے۔ کمیٹی کے تھوڑے تھوڑے وَقفے کے ساتھ تجدید شدہ منشور اور نگرانی کے رہنما خطوط ڈائریکٹر کے کردار اور ذمہ داریوں کو اور کمپنی کے کارپوریٹ نگرانی کے اصولوں کو اچھی طرح بیان کرتے ہیں۔

کمپنی کی کارپوریٹ نگرانی کے پروگرام کے سلسلے میں اضافی معلومات کے لیے، براہ کرم "کارپوریٹ نگرانی کے اہم امور پر بورڈ کے رہنما خطوط" اور کمپنی کی آڈٹ کمیٹی، نامزدگی اور کارپوریٹ نگرانی کمیٹی، اہلکار اور تنظیم سے متعلق کمیٹی اور فائنانس کمیٹی کے منشور دیکھیں، یہ سبھی colgatepalmolive.com پر دستیاب ہیں۔

### ہم سرمایہ کار کا اعتماد بڑھانے کے لیے آڈٹ کا مستحکم پروگرام برقرار رکھتے ہیں

کمپنی اپنی مالی رپورٹوں کے معیار، راستبازی اور شفافیت کی پابند عہد ہے۔ اس پیمان عہد کی عکاسی کمپنی کی طویل المدت پالیسیوں اور طریق کار میں ہوتی ہے، جس میں دنیا بھر میں مالی کنٹرولز کی نگرانی کرنے والا ایک داخلی آڈٹ گروپ، وسیع اختیارات کے حامل خود مختار آڈیٹرز، اور ان شعبوں پر نگاہ رکھنے والی ایک خود مختار آڈٹ کمیٹی شامل ہے۔ ان وسائل کی اثرانگیزی کو زیادہ سے زیادہ بڑھانے کے لیے، کولگیٹ کے افراد سے داخلی اور خارجی آڈیٹرز اور آڈٹ کمیٹیوں کے ساتھ کھلی اور ایماندارانہ مواصلات اور معلومات کے آزادانہ تبادلے میں شامل ہونے کی توقع کی جاتی ہے۔

کمپنی کے داخلی آڈیٹرز، خود مختار آڈیٹرز اور آڈٹ کمیٹی کے اہم کرداروں کے سلسلے میں اضافی معلومات کے لیے، براہ کرم "آڈٹ کمیٹی کا منشور" دیکھیں، جو colgatepalmolive.com پر دستیاب ہے۔

### ہم حصص برداروں کو کمپنی کی پیشرفت کے بارے میں باخبر رکھتے ہیں

ہر سال حصص برداروں کو کمپنی کی سالانہ میٹنگ میں حاضر ہونے کی دعوت دی جاتی ہے جس میں پچھلے سال میں کمپنی کی پیشرفت کا جائزہ لیا جاتا ہے اور حصص برداروں کو کمپنی کی اعلی انتظامیہ سے سوالات پوچھنے کا موقع ملتا ہے۔ درمیان کے مہینوں میں حصص برداران کمپنی کی ویب سائٹ، colgatepalmolive.com ملاحظہ کر سکتے ہیں۔



# تعمیل کی
# ہماری ذمہ داری

ایک تحریری ضابطۂ اخلاق کی موجودگی ہی کافی نہیں ہے- برتاؤ کے معیارات کو برقرار رکھنا کولگیٹ کے سبھی افراد کی ذمہ داری ہے، اور ہمارے ذاتی برتاؤ سے ہمارے اعلی اخلاق معیارات کے تئیں اس عہد بستگی کی عکاسی ہونی چاہیے۔

### مواصلات اور افشاء لازمی ہیں

کولگیٹ میں ملازمت قبول کرنے پر، ہم میں سے ہر کوئی برتاؤ کے ان معیارات، سبھی قوانین اور ضوابط، کاروباری طرزعمل کے رہنما خطوط میں اور ہماری کمپنی اور اس کے ذیلی اداروں، مصروفِ عمل اکائیوں اور ڈویژنوں کے ذریعہ تیار کردہ دیگر پالیسیوں، طریق کار اور رہنما خطوط میں مذکور مزید تفصیلی رہنما خطوط کی تعمیل کا جوابدہ ہو جاتا ہے۔ مینیجر حضرات جن لوگوں کے ساتھ کام کرتے ہیں انھیں یہ معیارات بتانے کے ذمہ دار ہیں، یہ یقینی بناتے ہوئے کہ وہ انھیں سمجھتے اور ان پر کاربند رہتے ہیں، اور ایک ایسا ماحول تخلیق کرتے ہوئے جس میں لوگ اخلاق اور قانونی امور پر آزادانہ طور پر گفتگو کر سکیں۔

### اگر آپ کو رہنمائی درکار ہے تو آپ کی اعانت کرنے کے لیے ہمارے پاس داخلی وسائل موجود ہیں

ضابطہ ہذا سبھی سوالوں کے قطعی جوابات فراہم نہیں کر سکتا ہے۔ اسی وجہ سے ہمیں بالآخر اس ضمن میں ہر فرد کے عمدہ شعور پر انحصار کرنا چاہیے کہ کمپنی کے اعلی معیارات پر کاربند رہنے کے لیے کیا چیز مطلوب ہے، جس میں اس امر کا شعور بھی شامل ہے کہ مناسب لائحہ عمل پر رہنمائی طلب کرنا کس وقت مناسب ہے۔ اگر اس ضابطہ میں زیر بحث کسی بھی مواد کے سلسلے میں آپ کے سوالات ہوں یا اگر کسی مخصوص صورتحال میں بہترین لائحۂ عمل کے بارے میں آپ کو شبہ ہو تو، براہ کرم ذیل میں مذکور کے مطابق رہنمائی طلب کریں۔

### اگر مجھے مدد درکار ہو تو میں کہاں جاؤں؟

ملازم

**لیگل** ← تعمیل کے کسی بھی سوالات کے ساتھ یا ضابطہ اور کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط سمیت قوانین، ضوابط یا کمپنی کی پالیسیوں کی تشریح میں مشورہ اور اعانت حاصل کرنے کے لیے گلوبل لیگل آرگنائزیشن کے کسی رکن سے رابطہ کریں۔

**گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس** ← آپ کو سوالات پوچھنے، کسی مخصوص صورتحال پر ضابطہ کیسے لاگو ہوتا ہے اس بابت رہنمائی حاصل کرنے یا کسی امکانی خلاف ورزی کے سلسلے میں "آواز اٹھانے" کے لیے EthicsLine کی معرفت گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس سے رابطہ کرنے کی ترغیب دی جاتی ہے۔

**ہیومن ریسورسز** ← آپ کا ہیومن ریسورسز کا مقامی نمائندہ اخلاقی شِش وپنج کے سلسلے میں مشورہ اور صلاح کے لیے ایک اور گرانقدر وسیلہ ہے۔

**آپ کا مینیجر** ← اخلاقی تشاویش یا سوالات پر گفتگو کرنے کے لیے اپنے مینیجر یا اپنی تنظیم کی قیادتی ٹیم کے کسی رکن سے بات کریں۔ اگر وہ آپ کی اعانت کرنے سے قاصر ہوں گے تو، وہ آپ کو مناسب وسیلے کے پاس بھیجیں گے۔ نیز، اگر آپ اپنے مینیجر سے بات کرنے میں آرام دہ محسوس نہیں کرتے تو، آپ ہیومن ریسورسز، گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس کے پاس جا سکتے ہیں۔

**سوال:**

اگر میری ٹیم کا کوئی رکن "آواز اٹھاتا" اور تشویش کا اظہار کرتا ہے تو ایک مینیجر کی حیثیت سے، مجھے کیا کرنا چاہیے؟

**جواب:**

ایک قائد کی حیثیت سے، آپ سے توقع کی جاتی ہے کہ دوسروں کو کھلم کھلا اور ایماندارانہ طریقے سے بات کرنے اور مسائل اٹھانے کی ترغیب دیں، چاہے وہ حساس ہی کیوں نہ ہوں۔ جب ٹیم کا کوئی رکن تشویش کا اظہار کرے یا مدد طلب کرے تو، آپ کو معروضی، کشادہ ذہن اور جواب دہ رہنا چاہیے۔ کمپنی کے اخلاق معیارات کے تئیں ٹیم کے رکن کی عہد بستگی کے لیے اس کا شکریہ ادا کریں۔ اگرچہ ممکن ہے آپ ٹیم کے رکن کو ایک فوری جواب فراہم کرنے کے لیے تیار نہ ہوں، مگر ٹیم کے رکن کو مناسب رہنمائی فراہم کرنے میں اپنی اعانت کرنے کے لیے دیگر وسائل جیسے ہیومن ریسورسز، گلوبل لیگل آرگنائزیشن یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس کو بروئے کار لانے کا یہ ایک موقع ہے۔

## ہم مناسب وسائل کے پاس تشاویش کی رپورٹ دینے کے لیے "آواز اٹھاتے" ہیں

اگر آپ کو ضابطہ ہذا، کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط یا کمپنی کی دیگر پالیسیوں کی خلاف ورزی کا علم ہے، یا اس کا شبہ ہونے کی معقول وجہ ہے تو، آپ سے اپنے مینیجر، ہیومن ریسورسز، گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس یا گلوبل لیگل آرگنائزیشن کو اس معلومات کی فوری طور پر اطلاع دینے کا تقاضا کیا جاتا ہے۔ متبادل طور پر، آپ کو انتقام کے خوف کے بغیر بلا جھجک انتظامیہ کی اعلی سطحوں کے پاس جانا چاہیے۔

## مجھے کس طرح یقین آ سکتا ہے کہ میرے خلاف کوئی منفی کارروائی نہیں کی جائے گی؟

آپ کولگیٹ پامولیو کی EthicsLine کا استعمال کر کے گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

EthicsLine کے ذریعہ فراہم کردہ سبھی معلومات کا جائزہ لیا جاتا ہے اور، اگر اس کا تعلق ضابطہ سے ہو تو، گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس اور/ یا گلوبل لیگل آرگنائزیشن کے ذریعہ معاملے کی بروقت اور پوری طرح سے تفتیش کی جاتی ہے۔ یہ ضروری ہے کہ اطلاع دینے والے افراد خود اپنے طور پر تفتیش نہ کریں، کیونکہ تفتیشات پیچیدہ قانونی امور پر مشتمل ہو سکتی ہیں۔ خود اپنے طور پر کام کرنا کسی تفتیش کی راستبازی کو خطرے میں ڈال سکتا ہے اور آپ اور کولگیٹ دونوں ناموافق طریقے سے متاثر ہو سکتے ہیں۔

جہاں مقامی قوانین اجازت دیں، وہاں پر رپوٹیں گمنام طریقے سے درج کروائی جا سکتی ہیں۔ لیکن، کال کرتے وقت ہم آپ کو خود کی شناخت کروانے کی ترغیب دیتے ہیں تاکہ تفتیش اور فالو اپ کو آسان بنانے میں ہمیں مدد ملے۔ کچھ ممالک میں ایسے قوانین موجود ہیں جو آپ کے ذریعہ اطلاع دی جا سکنے والی معلومات کی قسم پر پابندی عائد کرتے ہیں۔ اگر آپ کی صورتحال پر یہ قوانین لاگو ہوں تو، گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس کا نمائندہ آپ کو آپ کی کاروباری اکائی میں کسی ایسے شخص کے پاس بھیجے گا جو آپ کے سوال یا تشویش میں آپ کی اعانت کر سکتا ہو۔

تاہم، ذہن میں یہ بات رکھیں کہ اگر آپ اپنی شناخت کروانا چاہتے ہیں تو، کمپنی ایک فرد کی شناخت اور جمع کروائی گئی معلومات کو خفیہ رکھنے کے لیے سبھی مناسب اقدامات کرے گی، اور صرف جاننے کی ضرورت کی بنیاد پر ہی معلومات کا افشاء کرے گی جب وہ افشاء:

- ایک مؤثر تفتیش انجام دینے اور مناسب کارروائی کرنے کے واسطے ضروری ہو؛ یا
- بصورت دیگر قابل اطلاق قانون کے ذریعہ مطلوب ہو۔

رپورٹ یا شکایت ذاتی ڈیٹا کی حامل ہو سکتی ہے۔ خلاف ورزی یا مشتبہ خلاف ورزی کی تفتیش کے مقاصد کے لیے، مقامی قانون کے مطابق، کسی ملک میں جمع کردہ ذاتی ڈیٹا کو ریاستہائے متحدہ سمیت، دوسرے ممالک میں منتقل کرنا ضروری ہو سکتا ہے۔ ایسی صورتوں میں، اس رپورٹ کی تفتیش کرنے کے لیے گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کے کاموں میں شرکت کرنے والے کمپنی کے ملازمین اور کولگیٹ کے اداروں کے ذریعہ ذاتی ڈیٹا استعمال کیا جا سکتا ہے، لیکن صرف اتنے عرصے تک جو اس مقصد کے لیے معقول حد تک لازمی ہو (اور اس کے بعد اس طرح کا ذاتی ڈیٹا ضائع کر دیا جائے گا یا صرف کمپنی کی پالیسی یا قانون کے تقاضے کے مطابق سنبھال کر رکھا جائے گا)۔

## ضابطۂ اخلاق کی ETHICSLINE

**ethics@colpal.com**

**(800) 778-8080**
**(امریکہ، کینیڈا اور پیورٹو ریکو سے ٹول فری)**
**1-(212) 310-2330**
**(دیگر سبھی مقامات سے کلیکٹ)**

**Global Ethics & Compliance**
**Colgate-Palmolive Company**
**300 Park Ave, 5th Floor**
**New York, NY 10022**

**ویب ٹول**

**فیکس**
**(212) 310-3745**


**سوال:**

میں نے سنا ہے کہ بولنے سے فرق پڑتا ہے لیکن حال ہی میں ایک سنگین تشویش کے بارے میں "آواز اٹھانے" کے لیے میرے مینیجر کے پاس جانے کے بعد بھی، کچھ نہیں ہوا۔ اب مجھے کیا کرنا چاہیے؟

**جواب:**

ہم سبھی یہ یقینی بنانے کے لئے جوابدہ ہیں کہ ہماری کمپنی راستبازی اور اعلی اخلاق معیارات کی ایک ثقافت برقرار رکھتی ہے۔ اگر آپ کو یقین نہیں ہے کہ آپ کی تشاویش کا ازالہ کرنے کے لیے مناسب کارروائی کی گئی ہے تو، آپ کے پاس کئی ایک اضافی وسائل موجود ہیں۔ مسئلے کو اعلی سطح پر اٹھانے اور انتظامیہ کی اگلی سطح، ہیومن ریسورسز، گلوبل ایتھکس آگنائزیشن یا گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس کے پاس "آواز آٹھانے" سے خوفزدہ نہ ہوں۔ کمپنی اس معاملے کو سامنے لانے میں آپ کی کوششوں کی ستائش کرتی ہے۔

## ETHICSLINE سے میرے رابطہ کرنے کے بعد کیا ہوتا ہے؟



## کولگیٹ کی تفتیش کی کارروائی

**1**
GE&C ایک ایسا تفتیش کار تفویض کرتا ہے جس کا اس کاروباری اکائی سے کوئی تعلق نہیں ہوتا ہے جہاں سے رپورٹ درج کروائی گئی تھی۔

**2**
تفتیش کار تفتیش انجام دیتا ہے۔

**3**
تفتیش کار نتائج فراہم کرتا ہے۔

**4**
گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس نتائج کا جائزہ لیتا اور نفاذ کے لیے کارروائیاں تجویز کرتا ہے۔

**5**
تفتیش کے اختتام پر، تشویش کی اطلاع دینے والے شخص کو تاثرات فراہم کیے جائیں گے (اگر رابطہ کی معلومات فراہم کی گئی تھی)۔

### انضباطی کارروائیاں کی جا سکتی ہیں

ضابطہ یا کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی برتاؤ کے لیے کمپنی میں "صفر برداشت" کی پالیسی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ خلاف ورزی کے کسی واقعہ کی توثیق ہو جانے پر، خلاف ورزی کی نوعیت اور وقوعہ کے مساوی مناسب اقدامات کیے جائیں گے۔ کمپنی کے کسی بھی فرد یا مینیجر کو ایسے برتاؤ کا مظاہرہ کرنے جس سے اس ضابطہ کی تعمیل نہ ہوتی ہو، یا کسی دوسرے شخص کے ذریعہ اس طرح کے برتاؤ کی اجازت دینے، ہدایت دینے، اسے منظور کرنے یا اس کی معاف دینے کا اختیار نہیں ہے۔ اسی طرح، کمپنی کا ارادہ ہے کہ ضابطہ یا کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کی تعمیل نہ کرنے والے برتاؤ کے کسی وقوعہ کو روکا جائے اور جو بھی برتاؤ پیش آ سکتا ہے اس کا پتہ چل جانے کے بعد معقول حد تک جتنی جلدی ممکن ہو اس پر روک لگائی جائے۔ ضابطہ یا کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کی خلاف ورزی کرنے والے کولگیٹ کے افراد، مقامی قانون کے لحاظ سے، برخواستگی تک اور اس سمیت، انضباطی کارروائیوں کے مستوجب ہو سکتے ہیں۔

### ضابطہ ہذا کولگیٹ کے سبھی افراد اور کمپنی کی سبھی سرگرمیوں پر لاگو ہوتا ہے

ضابطۂ اخلاق اور کاروباری طرز عمل کے رہنما خطوط کی تعمیل پر گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کے ذریعہ نگاہ رکھی جاتی ہے۔ یہ ڈیپارٹمنٹ ضابطۂ اخلاق اور متعلقہ پروگراموں کی تشکیل، انجام دہی اور نفاذ کے سلسلے میں بورڈ کے چیف ایگزیکیٹو آفیسر/چیئرمین اور کولگیٹ کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کی آڈٹ کمیٹی کے چیئرمین کو رپورٹ پیش کرتا ہے۔

گلوبل ایتھکس اینڈ کمپلائنس ڈیپارٹمنٹ کو یا دوسرے ذرائع کی معرفت اطلاع کردہ معلومات، حسب مناسبت، رازداری کی بنیاد پر آڈٹ کمیٹی کو پہنچائی جاتی ہیں۔

ضابطہ ہر اس فرد پر قابل اطلاق ہے جو کولگیٹ پامولیو کمپنی اور اس کے ذیلی اداروں کے لیے کام کرتا ہے، بشمول افسران، اور قابل اطلاق قانون کے مطابق اس کا اطلاق کمپنی کے ڈائریکٹرز اور ایجنٹوں پر بھی ہوتا ہے۔ ضابطہ کی نقول ہماری داخلی انٹرانیٹ سائٹ نیز ہماری خارجی ویب سائٹ پر بھی آن لائن دستیاب ہیں اور کمپنی کی جانب سے کام کرنے کے مجاز سبھی تیسرے فریقوں کو فراہم کی جانی چاہئیں۔ دنیا بھر میں کولگیٹ کے افراد سالانہ بنیاد پر ضابطۂ اخلاق کی تربیت اور استناد میں شرکت کرکے تعمیل اور کمپنی کے اخلاق معیارات کے تئیں اپنے پیمان عہد کا اظہار کرتے ہیں۔

**COLGATE-PALMOLIVE** COMPANY

300 Park Avenue
New York, NY 10022
212-310-2000
www.colgatepalmolive.com